# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Friday, 15th May, 2026
(361st Session)
Volume V, No.05
(Nos. )

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*
Volume V SP.V(05)/2026
No.05 03

## Contents

1. Recitation from the Holy Quran ..... 1
2. Recitation of Naat ..... 1
3. Fateha ..... 2
4. Point of Order raised by Senator Muhammad Azam Khan Swati regarding low attendance in the House 2
5. Questions and Answers ..... 3
6. Leave of Absence ..... 20
7. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding the appointment of Principal Accounting Officers from private sectors ..... 22
8. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The National Disaster Management (Amendment) Bill, 2025] ..... 22
9. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Federal Public Service Commission (Amendment) Bill, 2026] ..... 23
10. Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding the amount of Workers' Welfare Fund ..... 23
11. Motion Under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Committee on Rules of Procedure and Privileges regarding a Privilege Motion against the Director and Deputy Director Land CDA ..... 24
12. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dost Ali Jeesar on behalf of Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, regarding extension of the time for presentation of report of the Committee on Cabin Crew in flight No. PK-326 ..... 25
13. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dost Ali Jesar on behalf of Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, regarding extension of the time for presentation of report on a Privilege Motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan against Minister for Communication ..... 25
14. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Amir Waliuddin Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, regarding [The Drug Regulatory Authority of Pakistan (Amendment) Bill, 2025] ..... 26
15. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Amir Waliuddin Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, regarding [The National Population Coordination and Reproductive Health Bill, 2026] ..... 26
16. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Rubina Qaim Khani on behalf of Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs, regarding extension of the time for presentation of report on Starred Question regarding allotment of plots by the Korangi Fisheries Harbour Authority ..... 27
17. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Rubina Qaim Khani on behalf of Chairman, Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, regarding extension of the time for presentation of report on Starred Question regarding total sanctioned posts of BISP ..... 28
18. Motion under Rule 194(1) moved by Senator Rubina Qaim Khani on behalf of Chairman, Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, regarding extension of the time for presentation of report on Starred Question regarding filling of vacant posts in Bait-ul-Mal ..... 28
19. Presentation of Annual Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges for the year 2025-2026 ..... 29
20. Presentation of Report of Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding Starred Question Nos. 48, 50 and 52 asked by Senator Rubina Qaim Khani, on 6th February, 2026 ..... 29
21. Presentation of Report of Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding the issues faced by medical students of Khyber Pakhtunkhwa during registration with Pakistan Medical and Dental Council ..... 29
22. Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on the Public Sector Development Program ..... 30
23. Laying a copy of the Money Bill, [The Customs (Amendment) Bill, 2026] ..... 30

24. Motion to make recommendations on Finance Bill, [The Customs (Amendment) Bill, 2026] to the National Assembly by the Senate ........ 31
25. Consideration and passage of [The Pakistan Nursing and Midwifery Council Bill, 2026] ........ 32
- Senator Dost Muhammad Khan ........ 32
- Senator Zamir Hussain Ghumro ........ 34
- Senator Hidayatullah Khan ........ 34
- Senator Amir Waliuddin Chishti ........ 34

26. Consideration of [The Netting of Financial Arrangements Bill, 2026], ........ 38
27. Consideration of [The Export-Import Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2026] ........ 39
28. Consideration of [The Fiscal Responsibility and Debt Limitation (Amendment) Bill, 2026] ........ 39
29. Consideration and Passage of [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026] ........ 40
30. Consideration of [The Islamabad Capital Territory Condominium (Ownership and Management) Bill, 2026] ........ 41
31. Withdrawl of [The One Stop Service Bill, 2023] ........ 42
32. Laying Of Annual Report of the National Economic Council for the Financial Year 2023-2024 ........ 43
33. Calling Attention Notice raised by Senator Kamran Murtaza regarding the non-compliance of Notification dated 8th April, 2026, issued by the Pakistan Medical and Dental Council, by the University of Health Sciences resulting in Balochistan's Medical reserved seats vacancies ........ 43
34. Point of Public Importance raised by Senator Muhammad Azam Khan Swati regarding upholding fundamental human rights as enshrined in the Constitution of Pakistan ........ 46
35. Point of public importance raised by Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition regarding misuse of powers by the Government ........ 47
36. Points of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed Kakar regarding the constitutional rights of citizens to live and work across provinces, and the issues faced by students in university hostels in Karachi ........ 51
37. Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding recent anti-encroachment drive in Islamabad carried out by the CDA ........ 54
38. Point of public importance raised by Senator Faisal Javed regarding healthcare facilities being extended to PTI leader Imran Khan and his wife Bushra Bibi ........ 55
39. Point of Public Importance raised by Senator Raja Nasir Abbas regarding ensuing forceful demolishing of an Imam Bargah and localities in Islamabad by CDA ........ 56
40. Point of public importance raised by Senator Mashal Azam apropos deteriorating law and order situation in Khyber Pakhtunkhwa ........ 57
41. Point of Order raised by Senator Kamran Murtaza regarding various hindrances caused by three-day holidays in a week ........ 58
42. Point of public importance raised by Senator Zeeshan Khan Zada regarding petrol prices and the austerity measures taken by the Government ........ 59
- Senator Falak Naz ........ 62
- Senator Saifullah Abro ........ 64
- Senator Khurram Zeeshan ........ 66
- Senator Rana Sana Ullah Khan, Adviser on Political Affairs ........ 66

**SENATE OF PAKISTAN**
**SENATE DEBATES**
Friday, 15th May, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty eight minutes past ten in the morning with Madam Presiding Officer (Senator Sherry Rehman) in the Chair.

----------------

**<u>Recitation from the Holy Quran</u>**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ يُزَكِّيْهِمْ وَ يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (١٦٤)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے مومنوں پر بڑا احسان کیا ہے کہ ان میں انہیں میں سے ایک پیغمبر بھیجے جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کر سناتے اور ان کو پاک کرتے اور اللہ کی کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں اور اس سے پہلے تو یہ لوگ واضح گمراہی میں تھے۔ (سورۃ آل عمران: آیت ۱۶۴)

**<u>Recitation of Naat</u>**

صد شکر ہے لبوں پر نام حضورؐ آیا
مدح رسول حق سے دل میں سرور آیا
سب عزتیں جہاں کی بخشی گئیں انہی کو
وہ آ گئے جہاں میں علم و شعور آیا
چھائی گھٹا جہاں پر رحمت کی ان کے صدقے
وہ شافع و شفیع یوم نُشور آیا
رحمت کے تذکرے ہیں خدا کے کلام میں
توصیفِ مصطفیٰ کو ربّ غفور آیا
اللہ رے یہ رونق آمد پہ مصطفیٰ کی
معمور ہو گئے دل آنکھوں میں نور آیا
دیدوں کی ہے تمنا دیدار مصطفیٰ کی
دیدار کا تخیل شام و سحور آیا

قاری پہ ہے عنایت آقائے دو جہاں کی
وہ کل جہاں کا آقا وہ رب کا نور آیا

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جزاک اللہ۔ شکریہ۔

First of all, I just want to welcome former Senator Dr. Muhammad Ali Brohi. He is sitting in the gallery. Welcome to the House.

*(Desk thumping)*

## Fateha

سینیٹر خالدہ اطیب: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر، گزارش ہے کہ گزشتہ دنوں ٹیسوری صاحب کی والدہ کا انتقال ہوا۔ ان کی روح کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ کرادیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل۔ سواتی صاحب! آپ فاتحہ پڑھ لیں۔

(اس موقع پر جناب کامران خان ٹیسوری، سابق گورنر سندھ کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی)

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Mr. Chairperson, I have a point of order.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: وقفۂ سوالات کے بعد کر لیجیے گا۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میڈم! میرا ایک چھوٹا سا point of order ہے۔ آدھے منٹ سے بھی کم میں ہو جائے گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی بولیے۔

## Point of Order raised by Senator Muhammad Azam Khan Swati regarding low attendance in the House

Senator Muhammad Azam Khan Swati: Honourable Chairperson, because of your extensive experience as a parliamentarian, could you share with me the example of any parliament where the attendance is so low on both sides of the aisle. I would really appreciate, if not, what we can do to make sure that? This is an important higher forum of the people where the voices of people are heard throughout the country. What can we do to ensure that? Thank you.

Madam Presiding Officer: Senator Swati sahib, thank you. You have made a very important and pivotal point for today's attendance but I do recognize

that it is a Friday morning and everywhere in the world, the Houses are less busy that day but as you can say the treasury benches are filling up. I would request your own opposition benches to be a little more vigilant and careful about attendance. So, it's on both sides and today, we have two Ministers. Thank you. We will bring this updated.

**<u>Questions and Answers</u>**

Madam Presiding Officer: May I start with Question Hour? Question No.49 stands in the name of Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur. She is not present.

(Q. No.49)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سوال نمبر 50 بھی ان کا ہے۔

(Q. No.50)

Madam Presiding Officer: Question No.51 stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. She is also not present.

(Q.No.51)

Madam Presiding Officer: Next one is in the name of Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur. She is not present.

(Q.No.52)

Madam Presiding Officer: Question No. 53. Senator Jan Muhammad.

(Q. No.53)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: کوئی ضمنی سوال؟

سینیٹر جان محمد: محترمہ! میں نے اس سوال میں پوچھا تھا کہ PEIRA Act کے تحت ایک پالیسی ہے کہ جتنے بھی تعلیمی ادارے ہیں، ان میں دس فیصد ان نادار غریب بچوں کے لیے حصہ ہوگا جو اس region میں ہیں۔ ہمارے ہاں اسلام آباد میں 1,557 پرائیویٹ تعلیمی ادارے ہیں لیکن ہمیں جو جواب دیا گیا، حکومت کے پاس جس کی لسٹ ہے، وہ صرف 449 ہیں۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ ہماری ریاست اس چیز پر توجہ ہی نہیں دے رہی کہ اس سے ان نادار اور غریب بچوں کو ایک بہت بڑا فائدہ اور opportunity دی جا سکتی ہے۔ منسٹر

صاحب بتائیں کہ اس پر کس طرح عمل کریں گے اور اس کو کس طرح یقینی بنائیں گے کیونکہ PEIRA Act کے حوالے سے بہت سے خدشات موجود ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جو دس فیصد vacancies ہیں، ان کی بات کر رہے ہیں؟ منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): محترم چیئرپرسن صاحبہ! بہت شکریہ۔ جس ایشو کی طرف معزز سینیٹر صاحب نے نشاندہی کی ہے، اس کے حوالے سے میں یہ عرض کروں گا کہ Private Education Institutions Regulatory Authority (PEIRA) اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ جو دس فیصد نادار بچوں کا ایک کوٹا ہے اور ان کی free education ہوتی ہے، اس کے لیے باقاعدہ اسکولز کی inspection کی جاتی ہے۔ اگر آپ صرف 2025-26 کے academic session کو دیکھیں تو 381,627 پرائیویٹ طلبا ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! معاف کیجیے گا۔ Education کے منسٹر بیٹھے نہیں ہیں، موجود نہیں ہیں؟

(T02 پر جاری ہے)

T02-15May2026 Abdul Razique/Ed: Shakeel 10:50 a.m.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: معاف کیجیے گا۔ کیا Minister for Education یہاں موجود نہیں ہیں؟

جناب سید مصطفیٰ کمال: Minister for Education خالد مقبول صدیقی صاحب ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: کیا وہ نہیں آئیں گے کیونکہ مجھے تو اطلاع دی گئی تھی کہ وہ آئیں گے۔

جناب سید مصطفیٰ کمال: شاید وہ China travel کر رہے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا ٹھیک ہے۔ جی وزیر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: میڈم، اس وقت ہمارے پاس total registered ادارے 449 ہیں اور ان میں اس طرح کی کوئی شکایت نہیں آئی ہے کہ نادار بچوں کا جو 10 per cent quota ہے، اسے follow نہیں کیا جائے تو ہمارے پاس ایسا کوئی data نہیں ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی نہیں، سینیٹر صاحب کا سوال کچھ اور ہے۔ سینیٹر جان محمد صاحب، براہ مہربانی اپنا سوال دہرا دیجیے۔

سینیٹر جان محمد: اسلام آباد میں 1,597 private تعلیمی ادارے ہیں جبکہ جواب میں بتایا گیا ہے کہ ہمارے پاس صرف 449 تعلیمی اداروں کی figures موجود ہیں یعنی اس کے معنی یہ ہیں کہ کوئی 1000 something تعلیمی اداروں کی figures نہیں دی گئی ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کو Annexure دیا گیا ہے؟ کیا آپ کو details دی گئی ہیں؟

سینیٹر جان محمد: مجھے details تو دی گئی ہیں لیکن اس میں بھی یہ figures نہیں ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اسی لیے میں کہہ رہی تھی کہ بہت اہم سوال ہے اور وزیر تعلیم کو یہاں ہونا چاہیے تھا۔ منسٹر صاحب آپ ایسا کریں کہ کل یا Monday تک وہ list تو مکمل کروا دیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: Annexure تو لگا ہوا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: لیکن سینیٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ اس میں بہت gaps ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جو بات سینیٹر صاحب کہہ رہے ہیں، وہ میں سمجھ رہا ہوں۔ وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ جو 1,597 institutes ہیں، ان میں سے کتنی کی reports submitted ہیں۔ میں نے یہ بتایا ہے کہ جو 449 Private Educational Institutions ہیں، انہوں نے اپنی reports submit کی ہوئی ہیں اور 20,817 students یہ opportunity avail کر رہے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: یعنی اس میں کوئی gaps نہیں ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: اگر کسی institute کا data موجود نہیں ہے تو ہمارے پاس ایسی کوئی complaint نہیں آئی ہے کہ کوئی سکول اس criteria کو fulfil نہیں کر رہا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر جان محمد بلیدی صاحب، آپ بعد میں منسٹر صاحب سے بات کر لیجیے گا۔

سینیٹر جان محمد: میڈم already Education Committee میں اس پر بہت بات ہو رہی ہے اور یہ اسلام آباد کے بچوں کا ایک main issue ہے اور ہمارے بچوں کا نہیں ہے۔ یہ ان غریب اور نادار بچوں کا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: تو آپ سوال کے جواب سے satisfied نہیں ہیں؟

سینیٹر جان محمد: جی بالکل۔ میں مطمئن نہیں ہوں۔ آپ اسے کمیٹی کو بھیج دیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے۔ میں اسے کمیٹی کو بھیج رہی ہوں۔ جی سینیٹر اعظم سواتی صاحب۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میڈم، سینیٹر جان محمد بلیدی صاحب نے یہ جو سوال پوچھا ہے، یہ بڑا دل دہلا دینے والا اور ایک serious سوال ہے۔ جہاں oversight ہوتی ہے اور دردر کھنا ہوتا ہے، وہاں ایسی غلطیاں نہیں ہوتیں۔ آپ ذرا NUST کو دیکھیں۔ I do not want to take credit for that لیکن اس میں داخلے کے لیے one-third armed forces کے قابل بچے، one-third public اور one-third ایسے ہی نادار بچوں کا quota ہے۔ ہم نے 2008 میں یہ system set کیا تھا اوراب دیکھیں کہ 15, 16 سال ہوچکے ہیں اور معزز وزیر صاحب مجھے اس حوالے سے ایک discrepancy ہی لا کر دکھا دیں۔ اس لیے گزارش ہے کہ اگر نادار بچوں کو private universities میں موقع دیا جاتا ہے تو اسے ensure کیا جائے، شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: چونکہ یہ matter Committee کو refer ہوچکا ہے تو Education Minister خود وہاں ممبران کو satisfy کریں گے۔ جی سینیٹر دوست محمد خان۔ آپ کا بھی کوئی ضمنی سوال ہے کیونکہ یہ سوال کمیٹی کو جاچکا ہے۔

سینیٹر دوست محمد خان: ہم نے تو کمیٹیوں سے resign کیا ہوا ہے لیکن اگر منسٹر صاحب سوال سن لیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے اپنا سوال پوچھیں لیکن بہتر ہوگا اگر آپ کمیٹیوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

سینیٹر دوست محمد خان: جب حکومت کے کرتوت ایسے ہوں تو ہم اپنا بھرپور کردار کیسے ادا کریں لیکن آپ کے توسط سے یہاں ہم کچھ فریاد سناتے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ سوال کیجیے۔

سینیٹر دوست محمد خان: وفاقی حکومت PSDP projects کے تحت ہر سال فاٹا اور بلوچستان کو seats allocate کرتی ہے لیکن ان scholarships کے لیے universities seats reserve نہیں کرتی ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: دوست محمد صاحب، بصد احترام میں یہ کہوں گی کہ آپ کو ایک fresh question جمع کروانا پڑے گا۔

سینیٹر دوست محمد خان: میرا fresh question بھی اسی سے related ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی نہیں، یہ ایک fresh question بنتا ہے کیونکہ علاقے میں فرق ہے۔ آپ سوال پوچھ لیجیے گا، منسٹر صاحب اسے address کرلیں گے۔

سینیٹر دوست محمد خان: جی ٹھیک ہے۔

Madam Presiding Officer: Next Question. No. 54. Senator Muhammad Talha Mahmood. Not present.

(Q. No. 54)

Madam Presiding Officer: Next Question. No. 55. Senator Haji Hidayatullah Khan. Not present.

(Q. No. 55)

Madam Presiding Officer: Next Question No. 56. Senator Jan Muhammad. Any supplementary?

(Q. No. 56)

سینیٹر جان محمد: میں نے اس سوال میں پوچھا تھا چونکہ وفاقی حکومت نے 2017-18 میں PSDP میں ایک سکیم ڈالی تھی جس سے فاٹا اور بلوچستان کے بچوں کے لیے میڈیکل یونیورسٹی اور مختلف تعلیمی اداروں میں اسکالرشپ ہیں۔اس حوالے سے ہر سال کوئی 333 سیٹیں مختص کی گئی ہیں جو بلوچستان اور فاٹا کے بچوں دی جاتی ہیں لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہر سال ہمیں ان کے لیے سینیٹ یا قومی اسمبلی میں آواز اٹھانی پڑتی ہے، وزیراعظم کو درخواست دینی پڑتی ہے یا سپریم کورٹ جانا پڑتا ہے۔ اس کے لیے کوئی باقاعدہ mechanism نہیں بنایا گیا ہے۔ میری استدعا یہ ہے کہ اس کے لیے کوئی باقاعدہ mechanism بنایا جائے اور یہ جو تمام یونیورسٹیاں اور کالجز ہیں، ان میں فاٹا اور بلوچستان کے لیے سیٹیں مختص کرنے کی حکومت کی کیا پالیسی ہے؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی وزیر صاحب۔

جناب سید مصطفیٰ کمال (وزیر برائے قومی صحت، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن): جی میں جواب دوں گا کیونکہ یہ PMDC کے حوالے سے ایک سوال ہے۔ میں معزز سینیٹر صاحب کو یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ آج سے ایک سال پہلے تک اس کا کوئی permanent solution نہیں تھا اور ہر سال یہ issue raise ہوتا تھا۔ میں آپ کو یہ year-wise بتا دیتا ہوں۔ جب اس طرح کے issues create ہوئے تو 2017-18 میں 194 سیٹیں دی گئیں۔ پھر 2018-19 میں 194 سیٹیں دی گئیں۔ 2019 اور 2023 میں کوئی سیٹ نہیں دی گئی اور یہ سال blank گئے ہیں۔اس کے بعد 2023-24 میں 333 سیٹیں دی گئیں اور پھر جب 2024-25 میں ہمارے پاس یہ ذمہ داری آئی تو ہم نے دوبارہ 333 سیٹیں دیں۔ چونکہ اس کا کوئی permanent

solution نہیں تھا تو ہم نے اس کا ایک permanent solution بھی نکالا۔ 2018 میں یہ تمام لوگ سپریم کورٹ گئے اور اس ایک سال کے لیے وہ 194 seats کا سپریم کورٹ سے آرڈر لے آئے کہ انہیں اس ایک سال کے لیے 194 سیٹیں دی جائیں۔ جب ہمارے پاس یہ ذمہ داری آئی تو پھر ہم نے اس کا ایک permanent solution نکالا کیونکہ ہر سال یہ مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ ہم نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا، ان دونوں صوبوں کو یہ کہا کہ ہم اس سال یہ سیٹیں for one time دے رہیں اور میرے پاس نوٹیفکیشن ہے جس میں یہ one time permission دی گئی۔ محترم ممبران سینیٹ اور قومی اسمبلی چاہتے تھے اور ہم بھی چاہتے تھے کہ ان بچوں کا نقصان نہ ہو۔ اس کے بعد ہم نے انہیں یہ seats دے دیں لیکن ساتھ میں permanent solution کے لیے ہم نے یہ کہا کہ یہ 333 سیٹیں ان دو صوبوں بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے لیے create کر دیتے ہیں تاکہ اگلے سال سے یہ مسئلہ resolve ہو جائے۔

پورے ایک سال تک ہم دونوں صوبوں کو Government colleges and universities کو یہ لکھتے رہے ہیں کہ خدا کے واسطے آیئے اور ہم سے ان سیٹوں کی permission لے لیجیے۔ کوئی جواب نہیں آتا۔ معزز سینیٹر صاحبان جو اس مسئلے کو plea کرتے ہیں اور یہ بہت genuine بات بھی ہے، میری ان سے یہ request ہے کہ وہ دونوں صوبوں کے Provincial Governments کو یہ کہیں کہ ہم سے آکر یہ سیٹیں لیں۔ ہم out of the way جا کر، inspection کرکے تمام criteria کو expedite کرکے انہیں یہ سیٹیں دینے کے لیے تیار ہیں تاکہ ان بچوں کا ہر سال یہ مسئلہ پیدا نہ ہو۔ یہ نوٹیفکیشن ہے اور on record یہ بات بھی ہے کہ سب لوگوں نے پھر Government of Pakistan, PMDC and Health Ministry کا شکریہ بھی ادا کیا تھا۔ ہم نے یہ مسئلہ resolve کر دیا تھا لیکن unfortunately ہم نے کتنے letters لکھے اور میں ابھی آپ کو correspondence بھی دکھا سکتا ہوں لیکن وہ مدعی سست، گواہ چست والی بات ہے، وہ بالکل interest نہیں لے رہے ہیں۔ کوئی criteria نہیں تھا کہ ہر سال اس نے ہونا تھا۔ اگر اس میں کوئی further بات ہے تو میں معزز سینیٹر صاحب کو explain کرنے کے لیے تیار ہوں، شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا سوال ہو گیا اور منسٹر صاحب نے بہت جامع جواب دیا ہے۔ اس میں صوبوں کی بھی کوتاہی ہے---

(جاری T03)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: (جاری۔۔۔) آپ کا سوال ہو گیا۔ انہوں نے بہت ہی جامع جواب دیا ہے، اس میں صوبوں کی بھی کوتاہی ہے۔please ، اس میں آگے پیچھے نہیں ہوتا۔ ضمنی، دوسرا ممبر کرتا ہے! نہیں، ضمنی دوسرا ممبر کرتا ہے۔ you cannot ask a supplementary questionایک کر لیا؟ نہیں، ضمنی دوسرا ممبر کرتا ہے، by rules آپ نہیں کر سکتے، same ممبر نہیں کر سکتا۔ انہوں نے میرے سامنے جامع جواب دیا۔ میں کسی کی دفا نہیں کر رہی ہوں۔ وہ کہہ رہے ہیں، آپ کے صوبوں نے ان کو، ان کی ایک procedure ہوتی ہے یہ حکومتی funds ہوتے ہیں? am i rightاور آپ کو صوبے سے چاہیے ہدایت، تو کر سکتے ہیں۔

یہ جو fund ہے، یہ HEC کے پاس ہے، وہ ہمارے پاس نہیں ہے، اور ہمارااس سے کوئی تعلق نہیں۔ تو fund انہی کے پاس ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اس پر بحث نہیں ہو سکتی۔please ، سینیٹر صاحب آپ senior ہیں۔ انہوں نے جواب دے دیا، question نمبر 57۔ سینیٹر جان محمد، again، ماشاءاللہ، آپ کے بہت سوال ہیں۔ آپ کے پاس مواقع بھی بہت ہیں۔

Q.No.57

Madam Presiding Officer: Any supplementary?

سینیٹر جان محمد: یہ وہ سوال ہیں جو بنیادی طور پر لوگوں کے ہیں اور عوام کے ہیں۔ بلوچستان میں جو گوادر پورٹ اتھارٹی کے حوالے سے میرا سوال تھا کہ اس سلسلے میں CCI کا ایک فیصلہ ہے، جو 29 May 2014 کو ہوا ہے، جس میں گوادر پورٹ اتھارٹی کا چیئرمین جو ہے، وہCM کی نمائندگی کرے گا یا CM کے کہنے پہ ہوگا، اور بورڈ میں ممبران کی تعداد 50،50 ہوگی، اور یہ CCI کا فیصلہ ہے۔ تو آیا حکومت اس فیصلے پہ کس قدر عمل درآمد کرنے جارہی ہے؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، واضح ہو گیا آپ کا سوال۔ جی، منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری :، Honorable Chairperson the decision has been implemented in letter and spirit and also Balochistan has almost 50% representation on the GPA ۔ اس کے علاوہ جتنی ہماری remaining representatives ہیں، وہ بھی Government of Balochistanاور Chief Minister Balochistan کی recommendation پر ہیں۔ مزید جو اس میں members ہیں، جیسے Director General Balochistan Coastal Development Authority، وہ بھی Balochistan سے ہیں۔ Additional Chief Secretary (Development) Government of Balochistanوہ بھی Balochistan سے ہیں۔ President Quetta Chamber of Commerce and Industries, Quetta۔ تو یہ باقی جو اضافی نام دیے گئے ہیں، وہ سارے بھی Balochistan سے ہیں، اور معزز سینیٹر صاحب جس CCI کی meeting کا ذکر کر رہے ہیں، 29 may 2014، اس کا جو فیصلہ ہے، اس پر in letter and spirit implementationہو چکی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: letter and spirit کا مطلب nominate ہوا ہے، ممبر؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جی، appointہو گیا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: چلیے ہو گیا ہے۔

سینیٹر جان محمد: تین Balochistan کے ہیں، اور سات جو ہیں، وہ Balochistan سے نہیں ہیں، جبکہ CCI کا فیصلہ ہے۔ CCI کا decision ہے۔ CCI کی decision کو نہ Senate تبدیل کر سکتا ہے، نہ Government تبدیل کر سکتی ہے، نہ National Assembly-CCI اپنے معاملات خود دیکھتا ہے، جبکہ یہ ان کی اپنی website پر بھی موجود ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب، I am sorry آپ یا تو سواتی صاحب کا متعلقہ سوال ایک ساتھ لے لیں، تاکہ آپ ایک ساتھ جواب دے سکیں، جی، اسی پر ہے آپ کا سوال؟

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: honorable chairperson مجھے وزیر برائے پارلیمانی امور پر بڑا ترس آ رہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دیکھیں، کتنا important سوال ہے، اور میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں آپ سے کہ CCI ، دو سال سے اس کی meeting نہیں ہوئی۔ پہلے forum کو دیکھیں، کتنا بڑا forum ہے۔ کیا government سنجیدہ نہیں ہے؟ تو پھر CCI کے اس بناوٹی جو forum بنا ہوا ہے، اس کو ختم کر دیں۔ تو مہربانی کرکے، پارلیمانی امور کے وزیر صاحب دل کے بڑے قریب ہیں، لیکن جواب وہ کیسے دیں گے کہ اس کے وزیر ہی نہیں ہیں۔ بہت شکریہ، جی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، اجتماعی ذمہ داری کی بنیاد پر وہ ضرور دے سکتے ہیں، اور کافی دے رہے ہیں، جی، کامران مرتضٰی صاحب، آپ کا supplementary اسی سے related ہے۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: جی، اسی سے related ہے۔ دو سال کے بعد یہ کہتے ہیں کہ members nominate ہو گئے ہیں۔ ظاہر ہے، اس میں جو CCI سے متعلق فیصلے تھے، دو سال کے اندر وہ جو ہونے چاہیے تھے، وہاں سے ہو کے، جو وہاں سے route ہو کر ہونے چاہیے تھے، وہ نہیں گئے۔ تو اب وہ جو decisions لیے گئے ہیں، ان دو سال میں، اس کی حیثیت کیا ہو گی؟ یہ ہم جاننا چاہتے ہیں کہ اب جو بغیر وہاں سے جائے، جو ہے نا، جو فیصلے ہو گئے ہیں، اور یہ جو Balochistan کے members ہیں، آیا کہ وہاں کی صوبائی اسمبلی کو اعتماد میں لیا گیا؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی، منسٹر صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: تمام سینیٹرز صاحبان جو ہیں، یہ بہت senior parliamentarians ہیں اور جانتے ہیں کہ House کے اندر یہ collective responsibility ہوتی ہے کہ cabinet کا کوئی بھی member اگر موجود ہو، تو responsible ہے، اور وہ government کے behalf پر جواب دیتا ہے۔ تو للذا، ہم سب جو یہاں موجود ہیں۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ان کو ترس آ رہا ہے آپ پہ، یہ تو ایک ہمارا بھی اجتماعی حق ہے کہ آپ پر ترس کھائیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: دوسری بات یہ ہے، اس وقت ministry نے جو decision کے متعلق جواب دیا ہے، وہ یہ ہے کہ CCI کی جو 29 May 2014 meeting کو ہوئی ہے، اس کے جو decisions تھے، وہ سارے کے سارے letter

and spirit میں implement ہوئے،اور appointment جو ہے، وہ بالکل اسی کی روشنی میں ہوئی ہے۔اگر وہ سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی discrepancy ہے تو میں ان سے consult کرتا ہوں ، اس کو rectify کر دینگے ان شااللہ اور ممبران کو satisfy کر دینگے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی شکریہ، بلیدی صاحب I am sorry اس طرح نہیں ہوتا آپ ان سے ابھی بات کر لیں وہ آپ کو satisfy کر دینگے آپ نے already دو سوال کر دئے ہیں وہ آپ کی seniority کی وجہ سے میں نے allow کیا۔ سوال نمبر 58 سینیٹر محمد طلحہ is not available ۔چوہدری سالک صاحب بیٹھے ہیں، question کرنے والے نہیں ہیں۔ سوال نمبر 59, طلحہ صاحب۔ موجود نہیں ہیں۔

(Q. No. 59)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سوال نمبر ٦٠، مسرور احسن صاحب۔

(Q. No. 60)

Madam Presiding Officer: Any supplementary?

سینیٹر مسرور احسن: میڈم شکریہ، وفاقی وزیر تو موجود نہیں ہیں، لیکن جواب انہوں نے دیا ہے، اور اس میں اس بات کو انہوں نے تسلیم کیا ہے کہ وفاقی اردو یونیورسٹی کراچی۔ یہ سوال میں ہے، اور بڑی اچھی بات ہے کہ وہ کراچی سے تعلق رکھتے ہیں، اور وفاقی اردو یونیورسٹی بابائے اردو مولوی عبدالحق کے نام پر بنائی گئی تھی، اور یہاں کے اساتذہ اور ملازمین، pension اور دیگر اپنی مراعات کے سلسلے میں گزشتہ کئی سالوں سے پریشان ہیں۔یہاں تک کہ بغیر pension کے آٹھ، دس ملازم تو وفات بھی پا گئے ہیں، لیکن ان کو pension نہیں ملی۔ تو میں وفاقی وزیر تعلیم صاحب سے گزارش کروں گا کہ آپ کا تو،آپ claim کرتے ہیں کراچی کا، اور جناب موجود نہیں ہیں۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں یہ وفاقی وزیر صحت ہیں اس وقت ہمارے Parliamentary Affairs Minister اس کا جواب دیں گے۔

سینیٹر مسرور احسن: آپ نے خود تسلیم کیا ہے کہ یہ یونیورسٹی تین سال سے بحران کا شکار ہے۔ تو اگر بحران کا شکار ہے، تو یہ آپ کا مسئلہ ہے نا کہ آپ کم سے کم وہاں کے ملازمین کو، کم سے کم وہاں کے اساتذہ کو، کم سے کم pension اور دیگر مراعات، جو ان کا حق بنتا ہے، وہ دیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل، وہ آپ کی بات بہت واضح ہو گئی کہ pension سے کیوں محروم ہیں۔ اگر بحرانی کیفیت ہے، اور اعظم سواتی صاحب، آپ کا بھی متعلقہ سوال ہے، thenآپ wrap up کرکے جواب دے دیجیے۔

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: it's hard to believe that federal universities جو ہیں، صرف چار اس وقت financial crisis کے اندر ہیں۔ کیا وزیر صاحب یہ باور کرائیں گے اس ایوان کو کہ ان چار universities کو، جو انہوں نے جواب دیا ہے، یہ درست ہے؟ یا وہ check کرکے کم از کم House کو enlighten کریں گے کہ ہاں، یہ بالکل درست ہے؟ اس لیے کہ میں نے research ابھی نہیں کی، لیکن اگر نہیں ہو گا تو میں پھر research کرکے بتاؤں گا کہ

answer is weak and incomplete and not true.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب مجھے نہیں پتہ کہ یہ الزام جو ہے، یہ صحیح ہے یا نہیں، کیونکہ جو graph سامنے ہے، وہ grants کا status بتا رہی ہے۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جی، بالکل، آپ کے پاس پڑا ہے۔ میں ویسے House کے لیے repeat کر دیتا ہوں کہ 2023 میں 93 million کی grant دی گئی، اس کے بعد 2024-25 میں، یعنی one billion plus ---

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر یہ آپ نے پہلے پوچھنا تھا، جب supplementary ہم لے رہے تھے۔ (جاری T04)

T04-15MAY2026 Taj/Ed. Shakeel 11:10 a.m.

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں آپ نے پہلے پوچھنا تھا جب supplementary لے رہے تھے۔ اب آیا ہے آپ کا۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: تو تین سال میں total above 3 billion ہے تو لہٰذا جو pensions کی بات کی گئی ہے وہ تو proper دی جارہی ہیں کیونکہ grants بھی دی گئی ہیں، اس کے علاوہ یونیورسٹی کے اپنے indigenous resources بھی ہیں، فیسیں وغیرہ وصول کی جاتی ہیں، امتحانات ہوتے ہیں، ان کی فیسیں ہوتی ہیں۔ تو ان کے پاس اپنے بھی resources ہیں جن سے وہ funds generate کرتے ہیں۔ لہٰذا، یہ بات کہ وہاں پر تنخواہیں رکی ہوئی ہیں یا pensions نہیں دی جارہی ہیں، یہ تو factually correct نہیں ہے لیکن اگر مزید ضرورت پڑے گی تو فیڈرل گورنمنٹ سے فیڈرل اردو یونیورسٹی نے ایک bailout package کی ایک demand کی ہوئی ہے، وہ ان شاء اللہ تعالیٰ release ہو جائے گا تو مزید بھی اگر کوئی problem ہے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: تو PSDP میں bailout package ہے؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جی انہوں نے demand بھیجی ہوئی ہے، وہ ہم نے آگے forward کی ہوئی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ذیشان! آپ کا بھی اسی سے متعلق سوال ہے؟

سینیٹر ذیشان خانزادہ: میڈم چیئرپرسن! میں صرف Question Hour کے حوالے سے یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ پہلے جوابات کم از کم دو تین گھنٹے پہلے upload ہو جاتے تھے، اب وہ بھی نہیں ہوتا۔ میرے خیال میں کم از کم یہ ہونا چاہیے کہ کوئی تیاری کر کے آئے جن کے سوالات ہیں اور جن کے سوالات نہیں بھی ہیں ان کو پتا تو چلے کہ کیا چل رہا ہے۔ یہ میری ایک گزارش تھی، اگر یہ آئندہ continue رکھیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سیکرٹری صاحب! اس کا کوئی ازالہ کیجیے۔ ہاں، کہہ رہے ہیں کہ انٹرنیٹ میں تھوڑی interruption تھی لیکن وہ اسے fix کریں گے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: ہماری speeches پتا نہیں آج کل recording ہو رہی ہے یا نہیں ہو رہی ہے، وہ live نہیں ہو رہی ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل صحیح ہے۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: سیکرٹریٹ کی طرف سے وہ بھی ایک مسئلہ ہے۔ آج کل یہ technical problems بہت زیادہ آ رہی ہیں۔ گزارش ہے کہ اگر آپ اس پر توجہ فرمائیں۔

Madam Presiding Officer: They will take care of it,

جہاں تک speeches ہیں، آپ ضرور جا کر چیئرمین سینیٹ سے ان کے چیمبر میں یہ بات کیجیے تاکہ اگر وہ action لے سکیں تو لیں۔

Now Question No. 61, Senator Masroor Ahsan, please.

(Q. No. 61)

Senator Masroor Ahsan: Taken as read.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ ضمنی سوال پوچھیں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: یہ سوال بڑا important ہے، مسرور احسن صاحب نے کیا ہے۔ اس میں یہ ہے کہ پاکستان میں Toll Plazas کی تعداد کیا ہے؟ ہمارے ہاں سندھ میں highways بہت dilapidated ہیں، خراب ہیں۔ اس میں عوام کی بڑی شکایت آرہی ہے کہ ہر تیس کلومیٹر پر ٹول پلازہ بنایا گیا ہے جہاں پر ٹریفک کا رش ہو جاتا ہے۔ لوگوں کا freedom of movement, fundamental right بڑا متاثر ہوتا ہے۔ اگر وزیر صاحب بتائیں کہ سندھ میں سڑکوں کی حالت خراب ہے۔ اتنے ٹول پلازے کیوں بنائے گئے ہیں؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: وہ تو شکر کیجیے کہ آپ سے سکھر - حیدرآباد کا نہیں پوچھا گیا لیکن

I am putting it on your agenda, if possible. Thank you.

جناب عبدالعلیم خان (وزیر برائے مواصلات): میڈم! Total Toll Plazas کا جواب تو دے دیا گیا ہے۔ یہ اس وقت 109 ہیں۔ اگر آپ اس لسٹ کو دیکھ لیں تو سندھ کے نظر آ جائیں گے۔ جہاں پر روڈ خراب ہے، وہاں پر میں نے ہدایت دی ہے کہ جب تک روڈ ٹھیک نہ ہو ہم اس ٹول پلازے کو active نہ رکھیں۔ یہ جو ٹول پلازے لگائے گئے ہیں، یہ اسی لیے لگائے گئے ہیں کہ آپ کی سڑکوں کی حالت ٹھیک ہو سکے۔ ہماری PSDP میں سے ہر سال ہمارا حصہ shrink ہوتا جا رہا ہے۔ جو ہمیں پچھلے سال دیا گیا تھا، اس سال اس سے کم دیا گیا ہے اور شاید اگلے سال اس سے بھی کم دیا جا رہا ہے۔ جتنا بھی expenses پر ہو رہا ہے خواہ وہ نئی roads کے لیے ہو یا پرانی roads کو maintain کرنے کے لیے ہو، یہ ان ہی tolls کی آمدنی سے ہو سکتا ہے اور ہم یہ toll کی آمدنی بڑھانا چاہ رہے ہیں تاکہ آپ کی سڑکوں کی حالت بہتر ہو سکے۔ جو ہمارے سینیٹر بھائی نے کہا ہے، مجھے اس بات کا بالکل ادراک ہے کہ آپ کی سڑکوں کی حالت ٹھیک نہیں ہے۔ میں خود اس کو مانتا ہوں کہ سڑکوں کی حالت ٹھیک نہیں ہے۔ اسی لیے ٹھیک نہیں ہے کیونکہ ہمارے پاس فنڈز نہیں ہیں۔ جب تک ہم اپنے فنڈز نہیں بڑھائیں گے، ہم یہ سڑکیں ٹھیک نہیں کر سکیں گے، ان کو maintain نہیں کر سکیں گے اور نئی سڑکیں نہیں بنا سکیں گے۔ تو میری گزارش ہے کہ ہم نے اپنی پالیسی کے تحت جہاں پر بھی یہ لگائے ہیں اور سندھ حکومت۔۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! آپ کے ادارے National Highways کا سالانہ بجٹ کتنا ہے؟

جناب عبدالعلیم خان: ہمیں پچھلے سال PSDP 124 billion سے ملا اور تقریباً اس سے زیادہ اپنے revenue سے اکٹھا کیا۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: تو آپ کی زیادہ تر آمدن ٹول پلازوں سے ہے، that means you are double taxing our citizens and still the roads are in disrepair.

جناب عبدالعلیم خان: میڈم! ڈبل ٹیکس تو نہیں کر رہے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بھئی آپ ٹول بھی تو لے رہے ہیں۔ I understand your problem that PSDP has shrunk مگر کوئی تو طریقہ ہوگا کہ ان سڑکوں کو بہتر کیا جائے۔

جناب عبدالعلیم خان: میڈم! اس کا طریقہ ایک ہی ہے کہ جب ہم اپنے ٹول کی آمدنی نہیں بڑھائیں گے، اس پر ایک system ہے جس میں ہم اپنی periodic maintenance کرتے ہیں۔ جب تک اس کے لیے فنڈز نہیں ہوں گے، اس وقت ہمیں سب سے بڑا issue وہاں پر آ رہا ہے جہاں پر ہماری سڑکوں کی حالت خراب ہوتی جا رہی ہے۔ ہمارے trucks اور دوسری گاڑیاں اپنی لوڈ سے کہیں زیادہ وزن ڈال کر چل رہی ہیں۔ جو سڑک بیس سال کے لیے بنتی ہے وہ تین چار سال کے بعد ٹوٹ جاتی ہے اس لیے کہ اس پر بہت زیادہ لوڈ ڈال کر ٹرک چل رہے ہیں۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: چلیں پاکستان میں trade تو ہو رہا ہے تو سڑکیں بھی اس معیار کی ہوں کہ وہ برداشت کر سکیں۔

جناب عبدالعلیم خان: جی میڈم! ان شاء اللہ ہم اس کو ensure کر رہے ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری سڑکوں کی حالت بھی بہتر ہوگی اور ان شاء اللہ نئی سڑکیں بھی بنیں گی۔ جہاں آپ نے بات کی ہے، اگر آپ اجازت دیں تو میں آپ کی بات کا جواب دے دوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی۔

جناب عبدالعلیم خان: جو ہماری نئی سکھر، حیدرآباد موٹروے ہے، ان شاء اللہ، اللہ کے کرم سے اس سال کی تعمیر کا آغاز ہو رہا ہے۔ میڈم! اس کے لیے ہمارے پاس 5 sections ہیں جو سکھر سے شروع ہوتے ہیں اور حیدرآباد تک جاتے ہیں۔ ان 5 sections

کے لیے3 sections کی approval ہو چکی ہے، اس کے لیے tendering process start ہو چکا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ مجھے امید ہے کہ اگست، ستمبر تک ہم practically اس پر اپنا کام شروع کر دیں گے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! میں نہیں چاہتی کہ مداخلت کروں لیکن اتفاق سے ڈیڑھ سال پہلے میں ہی اس Chair میں تھی اور آپ نے سکھر، حیدرآباد موٹروے کے حوالے سے exactly یہی جواب دیا تھا کہ tendering شروع ہے۔

جناب عبدالعلیم خان: اگر آپ کو یاد ہو تو میں نے اس پر یہی جواب دیا تھا کہ اللہ کا شکر ہے تیس سال کے بعد یہ نوبت آئی ہے کہ میں نے آپ کو یہاں تک پہنچا دیا ہے۔ تیس سال تک سارے کہتے تو رہے ہیں لیکن شروع نہیں ہوا۔ ہم ان شاء اللہ تعالیٰ اس سال شروع کریں گے۔ سب سے پہلے ہم آپ کو وہاں لے کر جائیں گے تاکہ آپ وہ کام دیکھیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی بالکل۔ توقع ہے کہ ٹینڈرنگ سے آگے معاملہ اب شروع ہو جائے۔

جناب عبدالعلیم خان: جی ٹینڈرنگ ہو رہی ہے، ان شاء اللہ۔

Madam Presiding Officer: Question No. 62, Senator Palwasha Mohammad Zai Khan. Question No. 63, Senator Palwasha Mohammad Zai Khan. She is not present. I am not going to go back to questions. Question No. 64, Senator Shahadat Awan.

**(Q. No. 64)**

Madam Presiding Officer: Any supplementary question?

سینیٹر شہادت اعوان: چیئرپرسن صاحبہ! میں نے آثار قدیمہ کے متعلق سوال کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا جو دائرہ اختیار ہے وہ صرف اسلام آباد کی حد تک ہے۔ میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گا کہ کیا یہ حقیقت ہے کہ Pakistan UNESCO Convention کو ہم نے ratify کیا ہوا ہے۔

Pakistan is party in the several International Cultural Protection Treaties including UNESCO Convention concerning the protection of World Cultural and National Heritage, 1972,

اور اس کے مطابق وہ پاکستان پر obligate کرتا ہے کہ heritage کی جو properties ہیں، sites ہیں، ان کو protect کرے۔ اور UNESCO World Heritage Sites کے مطابق یہاں پر موجود properties ہیں جن میں موہنجو داڑو، مکلی، لاہور، شالیمار، روہتاس، ٹیکسلا قلعہ اور تخت بھائی شامل ہیں۔

اس کے بعد منسٹر صاحب نے اسلام آباد کی بات کی ہے تو یہ دو کی بات کرتے ہیں۔ میں منسٹر صاحب سے پوچھوں گا کہ کیا یہ Pharwala Fort فیڈرل، اسلام اباد میں نہیں ہے؟

Madam Presiding Officer: Please wind up.

سینیٹر شہادت اعوان: جی، جی۔ اس کے علاوہ بن فقیراں نہیں۔ میرے کہنے کا مقصد صرف یہ ہے دیوار چین کے بعد ایشیا کی سب سے بڑی دیوار پاکستان میں جام شورو کے علاقے میں 32 کلومیٹر کارانی کوٹ کا قلعہ ہے۔ وزیر صاحب نے تو اس سے بھی ہاتھ اٹھالیا۔ میں پوچھنا یہ چاہوں گا کہ اگر آپ اٹھارھویں ترمیم کی بات کرتے ہیں، میں نے تو UNESCO کی بات آپ کے سامنے رکھ دی ہے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بات سمجھ آ گئی۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ وفاقی حکومت اور صوبوں کے درمیان کیا معاہدہ ہے اور یونیسکو۔ جی وزیر صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: Assess کرنے کے لیے بھی ان کا کوئی طریقہ کار۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اچھا، ان کی degradation کا environmental impact پوچھ رہے ہیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: معزز سینیٹر صاحب ماشاءاللہ خود بھی ایک بڑے seasoned lawyer ہیں، وہ خود اس بات کو سمجھتے ہیں۔ جو سوال وہ کر رہے ہیں، انہیں بھی پتا ہے کہ اب اس میں کوئی content رہ نہیں گیا کیونکہ وہ خود بتا رہے ہیں۔

(جاری۔۔۔T05)

T05-15May2026 Ali/Ed: Shakeel 11:20 am

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: (جاری ہے ۔۔۔۔) کیونکہ وہ خود بتا رہے ہیں کہ اٹھارھویں ترمیم کے بعد جتنی بھی ہماری protection, management, reinforcement of laws relating to heritage sites and monuments located within the provinces fall within the jurisdiction of respective Provincial Governments, he is very clear. اس پر Federal Government کا جو اختیار ہے یا جو کام ہم نے کرنے ہیں، وہ اس کے بعد میرے خیال میں ہے کہ جتنے صوبوں کے مختلف archaeological sites کا ذکر

کر رہے ہیں، وہ ہماری Federal Government کی domain سے بالکل باہر ہیں۔ ہماری jurisdiction صرف اسلام آباد تک ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: وہ یہ پوچھ رہے ہیں کہ جب UNESCO site claim کر لیتا ہے، as an internationally protected site تو اس میں Federal Government کی کوئی interoperability نہیں ہوتی؟

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: محترمہ چیئرپرسن صاحبہ، اس میں Federal Government ایک post office کا کردار تو ادا کر سکتی ہے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: چلیے post office پر بیٹھ جائیے، تشریف رکھیں۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: ہم کوئی کردار ادا نہیں کر سکتے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جیسر صاحب آپ نے کوئی سوال کرنا ہے؟

سینیٹر دوست علی جیسر: اگر کمیٹی کو دیں، شہادت صاحب کا کہ اس پر تفصیلی discussion ہو جائے گی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل، بالکل۔ I think it's quite fair, میں یہ بھی پوچھنا چاہ رہی تھی کہ Taxila Museum جو دو صوبوں کے درمیان بٹا ہوا ہے، اس کی بھی کیا situation ہے؟

سینیٹر شہادت اعوان: 75 کا Act لے کر بیٹھے ہیں، اس پر کوئی کام نہیں ہوا، environment پر کوئی بات نہیں کرتا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ دونوں کمیٹی میں چلے جائیے گا۔ Matter referred to the National Heritage and Cultural committee, thank you. All right, we have Question No. 65, Senator Abid Sher Ali, who is not here and again Question No. 66, Senator Abid Sher Ali, Question No. 67, Senator Anusha Rahman who is not present یہ ان کی request پر defer ہو گیا، again Question No. 68, Senator Abid Sher Ali, Question No.

69, Senator Asad Qasim not present and I think that's the end of the questions, Question No. 73, Senator Samina ایک منٹ اور بھی سوال ہیں، right? Secretary Sahib. Mumtaz Zehri not present, Senator Anusha Rahman Khan is not present, again and I think ہوگئے defer تو وہ Anusha Rahman Khan has asked formally for deferment ٹھیک ہے، چیک کر لیں۔ ہاں end ہو گئے ہیں[1]۔ آپ لوگوں کی اجازت سے اب that's the end of the questions. میں Leave Applications لوں گی۔

## Leave of Absence

Madam Chairperson: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 12th May, 2026 during the current session due to official engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Question Hour میں آپ نہیں تھے، آپ کا سوال چلا گیا۔ آپ اپنی turn پر نہیں تھے۔ کون سا؟ بتائیے، دیکھ لیتے ہیں، میں leave پڑھ لیتی ہوں، then I will come back to you, after the leave application.۔

Madam Chairperson: Senator Zarqa Suharawardy Taimur has requested for the grant of leave from 07th to 15st of May, 2026. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Madam Chairperson: Senator Raja Nasir Abbas has requested for the grant of leave for 08th May, 2026. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

مجھے سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان صاحب کا سوال نکال کے دیں۔

Madam Chairperson: Senator Abdul Wasay has requested for the grant of leave for 07th and 08th May, 2026. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

[1] The question hour is over and remaining questions and their answers placed on the table of the House be treated as read.

Madam Chairperson: Senator Aon Abbas has requested for the grant of leave for 11th, 12th and 15th May, 2026. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Madam Chairperson: Senator Saeed Ahmed Hashmi has requested for the grant of leave for 08th May, 2026. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Madam Chairperson: Senator Waqar Mehdi has requested for the grant of leave for 15th May 2026 during the current session. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

I'm going back to the Question No. 71, Senator Haji Hidayatullah. حاجی صاحب سنیں Minister Sahib چلے گئے ہیں۔ آپ اس کو Monday تک defer کرنا چاہیں گے؟

سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان: کیا اور کوئی نہیں ہے؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: متعلقہ Minister چلے گئے۔

سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان: Defer کر دیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: Defer کر دیں، بہتر ہے کہ وہ جواب دیں۔

سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان: پیر کو آ جائیں، پھر بات کرتے ہیں۔

Madam. Presiding Officer: Now Order No. 03, Senator Rana Mahmood ul Hassan, Chairman Standing Committee on Cabinet Secretariat, may move Order No. 03. Senator Mohammad Adbul Qadir on his behalf.

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding the appointment of Principal Accounting Officers from private sectors**

Senator Mohammad Adbul Qadir: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ I, on behalf of Senator Rana Mahmood ul Hassan, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of a Calling Attention Notice regarding appointment of Principal Accounting Officers from private sectors moved by Senators Zamir Hussain Ghumro and Jan Muhammad on 14th November, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 13th May, 2026.

Madam. Presiding Officer: I, now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam. Presiding Officer: The motion is carried. Order No.4. Senator Rana Mahmood ul Hassan.

**Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The National Disaster Management (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Mohammad Adbul Qadir: I, on behalf of Senator Rana Mahmood ul Hassan, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the National Disaster Management Act, 2010 [The National Disaster Management (Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri on 19th May, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 15th May, 2026.

Madam. Presiding Officer: I, now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam. Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 05.

**<u>Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat on [The Federal Public Service Commission (Amendment) Bill, 2026]</u>**

Senator Mohammad Adbul Qadir: I, on behalf of Senator Rana Mahmood ul Hassan, Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Federal Public Service Commission Ordinance, 1977 [The Federal Public Service Commission (Amendment) Bill, 2026], introduced by Senator Mohammad Abdul Qadir in the Senate sitting held on 05th March, 2026, may be extended for a period of sixty days with effect from 06th May, 2026.

Madam. Presiding Officer: I, now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam. Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 06, Senator Zeeshan Khan Zada, Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development may move Order No.06 on his behalf.

**<u>Motion under Rule 194 (1) moved on behalf of Chairman, Standing Committee on Cabinet Secretariat regarding the amount of Workers' Welfare Fund</u>**

Senator Zamir Hussain Ghumro: I, on behalf of Senator Zeeshan Khan Zada, Chairman, Standing Committee on Overseas Pakistanis and Human Resource Development, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of

Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Questions No. 107 and 108 asked by Senator Samina Mumtaz Zehri, on 13th November, 2025, regarding the amount of Workers' Welfare Fund, may be extended for a period of sixty days with effect from 13th May, 2026.

Madam. Presiding Officer: I, now put the motion before the house.

(The motion was carried)

Madam. Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 07, Senator Syed Waqar Mehdi, who is moving on behalf of him on rules and procedure. Senator Dost Ali Jeesar.

**<u>Motion Under Rule 194(1) moved on behalf of Chairman Committee on Rules of Procedure and Privileges regarding a Privilege Motion against the Director and Deputy Director Land CDA</u>**

Senator Dost Ali Jeesar: I, on behalf of Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, to move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Abdul Shakoor Khan against the Director and Deputy Director Land CDA, may be extended for a period of sixty days with effect from 12th April, 2026.

Madam. Presiding Officer: I, now put the motion before the house.

(The motion was carried)

Madam. Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 08, Senator Syed Waqar Mehdi. [Followed by T06]

Madam Presiding Officer: Order No.08. Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, please move Order No.08. Senator Dost Ali Jeesar please move on his behalf.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dost Ali Jeesar on behalf of Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, regarding extension of the time for presentation of report of the Committee on Cabin Crew in flight No. PK-326**

Senator Dost Ali Jeesar: I, on behalf of Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Bilal Ahmed Khan against Ms. Saima Rana, Cabin Crew in flight No. PK-326, may be extended for a period of sixty days with effect from 13th April, 2026.

Madam Presiding Officer: I now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 9, Similarly, please move Order.No.9.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Dost Ali Jesar on behalf of Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, regarding extension of the time for presentation of report on a Privilege Motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan against Minister for Communication**

Senator Dost Ali Jeesar: I, on behalf of Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Privilege Motion moved by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan against Mr. Abdul Aleem Khan, Minister for Communication, may be extended for a period of sixty days with effect from 27th March, 2026.

Madam Presiding Officer: I now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 10. Senator Amir Waliuddin Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, please move Order.No.10.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Amir Waliuddin Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, regarding [The Drug Regulatory Authority of Pakistan (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Amir Waliuddin Chishti: I, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on a Bill further to amend the Drug Regulatory Authority of Pakistan Act, 2012 [The Drug Regulatory Authority of Pakistan (Amendment) Bill, 2025], introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on 21st July, 2025, may be extended for a period of sixty days with effect from 13th May, 2026.

Madam Presiding Officer: I now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 11. Similarly, Senator Amir Waliuddin Chishti.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Amir Waliuddin Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, regarding [The National Population Coordination and Reproductive Health Bill, 2026]**

Senator Amir Waliuddin Chishti: I, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the National Population Coordination and Reproductive Health Bill, 2026, introduced by Senator Samina Mumtaz Zehri in the Senate sitting held on 19th January, 2026, may be extended for a period of sixty days with effect from 17th May, 2026.

Madam Presiding Officer: I now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 12. Senator M. Fesal Vawda, Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs, please move Order.No.12. On his behalf, Senator Rubina Qaim Khani please move Order No.12.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Rubina Qaim Khani on behalf of Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs, regarding extension of the time for presentation of report on Starred Question regarding allotment of plots by the Korangi Fisheries Harbour Authority**

Senator Rubina Qaim Khani: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Maritime Affairs, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 31, asked by Senator Shahadat Awan, on 13th November, 2025, regarding allotment of plots by the Korangi Fisheries Harbour Authority, may be extended for a period of sixty days with effect from 15th May, 2026.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحبہ! چونکہ آپ کمیٹی کی ممبر ہیں تو may I ask کہ یہ 13 نومبر سے کیوں defer ہوتا جارہا ہے۔

سینیٹر روبینہ قائم خانی: چیئرپرسن صاحبہ! ابھی تک کمیٹی کی meeting call ہی نہیں کی گئی ہے۔ میری poverty کی Sub-Committee بنائی ہوئی ہے لیکن اُس میں ہم بیت المال کے حوالے سے بات کرتے ہیں۔ اُس میں بہت ساری چیزیں ہیں جو ابھی report ہونی ہیں۔ وہ delay پر delay کرتے ہیں تو ابھی اس حوالے سے ایک complete report نہیں آئی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ابھی تک meeting نہیں ہوئی ہے۔

Mr. Secretary! please advise the Senator, Chairman of the Committee to please hold the meeting. It’s being very long. Thank you. I now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 13. Senator Sardar Al Haj Muhammad Umer Gorgaij, Chairman, Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, please move Order.No.13. On his behalf, Senator Rubina Qaim Khani please move Order No.13.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Rubina Qaim Khani on behalf of Chairman, Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, regarding extension of the time for presentation of report on Starred Question regarding total sanctioned posts of BISP**

Senator Rubina Qaim Khani: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 1, asked by Senator Jan Muhammad, on 16th January, 2026, regarding total sanctioned posts of BISP, may be extended for a period of sixty days with effect from 16th May, 2026.

Madam Presiding Officer: I now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 14. Similar, same Committee. How is going to move? Senator Rubina Qaim Khani please move Order No.14.

**Motion under Rule 194(1) moved by Senator Rubina Qaim Khani on behalf of Chairman, Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, regarding extension of the time for presentation of report on Starred Question regarding filling of vacant posts in Bait-ul-Mal**

Senator Rubina Qaim Khani: I, on behalf of Chairman, Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety, move under sub-rule (1) of Rule 194 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, that the time for presentation of report of the Committee on the subject matter of Starred Question No. 2, asked by Senator Jan Muhammad, on 16th January, 2026, regarding filling of vacant posts in Bait-ul-Mal, may be extended for a period of sixty days with effect from 16th May, 2026.

Madam Presiding Officer: I now put the motion before the house.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 15. Senator Syed Waqar Mehdi, Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, please move Order.No.15. Senator Dost Ali Jeesar please move on his behalf.

**Presentation of Annual Report of Committee on Rules of Procedure and Privileges for the year 2025-2026**

سینیٹر دوست علی جیسر: کمیٹی کی رپورٹ پیش کر دی گئی ہے۔ کمیٹی کی سال میں نو meetings ہوئی ہیں۔ کمیٹی کے پاس سترہ matters آئے جو mostly resolve ہو گئے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے۔ آپ صرف motion move کریں۔

Senator Dost Ali Jeesar: OK. I on behalf of Chairman, Committee on Rules of Procedure and Privileges, present the Annual Report of the Committee for the year 2025-2026.

Madam Presiding Officer: The motion is moved and report stands laid. Order No. 16. Senator Amir Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, please move Order. No.16.

**Presentation of Report of Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding Starred Question Nos. 48, 50 and 52 asked by Senator Rubina Qaim Khani, on 6th February, 2026**

Senator Amir Waliuddin Chishti: I, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, present report of the Committee on the subject matter of Starred Question Nos. 48, 50 and 52 asked by Senator Rubina Qaim Khani, on 6th February, 2026.

Madam Presiding Officer: Motion is moved and report stands laid. Order No. 17. Senator Amir Chishti, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, please move Order. No.17.

**Presentation of Report of Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination regarding the issues faced by medical students of Khyber Pakhtunkhwa during registration with Pakistan Medical and Dental Council**

Senator Amir Waliuddin Chishti: I, Chairman, Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, present report of the Committee on a point of public importance raised by Senator Hidayatullah Khan on 13th February, 2026, regarding the issues faced by medical students of Khyber Pakhtunkhwa during registration with Pakistan Medical and Dental Council.

Madam Presiding Officer: Motion is moved and report stands laid. Order No. 18. Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance and Revenue may move Order. No.18. On his behalf who is doing this?

(Followed by T07 …)

T07-15May2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 11:40 am

Madam Presiding Officer: (Cont'd….) Report stand laid. Order No.19 again on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, please move Order No.19 Senator Mohammad Abdul Qadir sahib.

**Presentation of report of the Standing Committee on Finance and Revenue on the Public Sector Development Program**

Senator Mohammad Abdul Qadir: I, on behalf of Senator Saleem Mandviwalla, Chairman, Standing Committee on Finance, present report of the Committee on the Public Sector Development Program, in terms of sub-rule(7) of Rule 166 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012.

Madam Presiding Officer: Report stands laid. Order No.20 on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue, please may move Order No.20.

**Laying a copy of the Money Bill, [The Customs (Amendment) Bill, 2026]**

Mr. Bilal Azhar Kayani (Minister of State for Finance and Railways): Thank you Madam Chairperson sahiba. I Bilal Azher Kayani on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue, wish to leave the Senate a copy of the Money Bill further to amend the Customs Act, 1969 [The Customs (Amendment) Bill, 2026] as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Madam Presiding Officer: The copy of the Money Bill stands laid and referred to the Standing Committee on Finance and Revenue. Order No.21 on

behalf of Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue, please may move Order No.21.

**Motion to make recommendations on Finance Bill, [The Customs (Amendment) Bill, 2026] to the National Assembly by the Senate**

Mr. Bilal Azhar Kayani (Minister of State for Finance and Railways): I, on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue, wish to move that the Senate may make recommendations, if any, to the National Assembly on the Monday Bill further to amend the Customs Act.1969 [The Customs (Amendment) Bill, 2026], as required under Article 73 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

Madam Presiding Officer: The notice for the proposals to make recommendations on the Money Bill may be submitted by the Members to the Senate Secretariat by Monday, the 18th of May. Today is Friday, Secretary Sahib. So, members have to submit over the weekend these recommendations by Monday. Okay? Members of the committee, please.

دیکھ لیں، سینیٹر محمد عبدالقادر صاحب آپ نے کوئی proposal on Customs Bill پر submit کرنا ہے۔ جی پھر آپ کے پاس Monday تک کا time ہے

No proposal will be entertained after that time. These recommendations should only be with reference to the Bill. A recommendation having no relevance to the instant Bill is outside the purview of Article 73 and hence not admissible. The proposals received for making recommendations shall be sent to the Senate Standing Committee on Finance and Revenue, which shall present its report within a period of 10 days. The Senate would consider the report of the committee and make its recommendations then to the National Assembly. Order No.22, Syed Mustafa Kamal, Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, may move order number 22.

## **Consideration and passage of [The Pakistan Nursing and Midwifery Council Bill, 2026]**

Syed Mustafa Kamal: I, Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, move the Bill to consolidate the law relating to registration, licensing, and training of nurses, nurse practitioners, midwives, midwifery associates, and nurse auxiliaries [The Pakistan Nursing and Midwifery Council Bill 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Madam Presiding Officer: Is it opposed? By whom? Please on the Mic.

**Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: میڈم چیئرپرسن ! ہماری request یہ ہے کہ Nursing Council میں HEC کا ممبر ہونا ضروری ہے، کیونکہ یہ اپنے بندے لگا لیتے ہیں اور اپنی من مانی کی کارروائی کرتے رہتے ہیں۔ اگر ایک ممبر HEC سے لے لیا جائے تو اچھا ہوگا۔ Bill بھی اچھا ہوگا اور لوگوں کے کام بھی ہوں گے، کیونکہ یہ اپنے بندے ڈال دیتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جو ان کی مرضی ہوتی ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب! ٹھیک ہے۔ میں اس Bill کو Health Committee کو refer کرتی ہوں۔ چیئرمین صاحب آپ بیٹھیں۔ I will just give you a minute, Minister sahib. I understand this will expire سیکرٹری صاحب، گزارش یہ ہے کہ آپ Monday کی صبح Chairman، Health Committee کے ساتھ بیٹھیں۔ وہ meeting کر لیں اور Monday شام کو report and passage کے لیے یہ House میں موجود ہوں۔ جی بالکل، .I will come to you

جناب سید مصطفیٰ کمال: میڈم چیئرپرسن ! میری صرف ایک منٹ کی گزارش سن لیجئے، آپ کی اطلاعات کے لیے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی، کیجئے۔

جناب سید مصطفیٰ کمال: میڈم چیئرپرسن ! I am putting before this House, the Senate. It was a very tedious kind of very Herculean task جو ہم نے کیا ہے۔ on behalf of this floor from my bottom of heart I must thank the Honourable President of Pakistan جنہوں نے اس Ordinance کو پہلے issue کیا۔ ہم نے ایک بہت بڑے mafia کو curtail کیا ہے and I can go on and on کہ

کیا چل رہا تھا۔ اس کے بعد I must thank the Standing Committee of National Assembly جو کہ ہمارے قومی اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے معزز ممبر دوست ہیں، انہوں نے اور پوری کمیٹی نے اس پر بہت meetings کرکے point to point سارے گئے ہیں۔ میں تمام National Assembly کا شکریہ کرتا ہوں۔

میڈم چیئرپرسن ! میں صرف یہاں پر کہنا چاہتا ہوں کہ جو معزز سینیٹر صاحب کہہ رہے ہیں، یہ amendment جو ہے، ہم ہر چیز کو consider کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن میری request ہوگی کہ اس کو آج House سے approve کر لیجئے۔ آپ amendment پیش کریں، میں بیٹھ جاتا ہوں۔ ہم بالکل ساری amendments کرلیں گے جو logical ہوں گی۔ ہمارا کوئی vested interest نہیں ہے۔ ہم نے تمام لوگوں کو loop میں لے کر ہی سارا کام کیا ہے۔ اگر وہ کہتے ہیں کہ ابھی ویسے by the way Ordinance میں HEC کے Members ہیں کچھ logic سے جس کی وجہ سے ہم نے اس کو amendment کیا ہے۔ آپ بیٹھ کر بات کریں گے میں اس کو agree کرلوں گا۔ میری request ہوگی کہ خدانخواستہ اگر اس میں کچھ اونچ نیچ ہو گئی تو یہ بہت بڑا نقصان ہو جائے گا۔ میرا personal کوئی نقصان نہیں ہے۔ ہم نے اس میں بڑی محنت کی ہے۔ میری آپ سے اور اس پورے سینیٹ سے request ہوگی۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی، جی، میں نے آپ کی بات بھی سن لی۔ اس سے پہلے آپ کا کوئی messenger بھی آیا تھا کہ عجلت ہے اور 24 تاریخ کو expire ہو جائے گا۔

I understand the hard work gone into it. That is the reason I have requested the Secretary to ensure that it goes out of this House with the amendments and goes back to the National Assembly for transmission.

جناب سید مصطفیٰ کمال: میڈم چیئرپرسن! اگر آپ اس میں amendment کریں گے، آپ نے بھی پرسوں کی بات ہے Thalassemia کا Bill تھا اس میں میری کوئی observations نہیں تھی۔ آپ نے کہا اگر یہ کریں گے تو دوبارہ National Assembly جائے گی۔ دوبارہ پھر National Assembly میں جائے گی، نہیں ہو پائے گا۔ میری request ہے کہ amendment بعد میں move کریں۔ I am very open to consider all the amendments everything لیکن اس کو۔۔۔

(مداخلت)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب بولیے۔

**Senator Zamir Hussain Ghumro**

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: میڈم چیئرپرسن: Legislation کا طریقۂ کار ہوتا ہے، سینیٹ کو time ملتا ہے، National Assembly کو time ملا۔ ٹھیک ہے،Standing Committee میں گیا لیکن اس میں this is the subject of Council of Common Interest اس میں بہت issues ہیں، provinces کے حوالے سے representation کے حوالے سے وہ issues اس میں address نہیں ہیں۔ اگر کوئی Ordinance lapse ہوتا ہے تو this is the Government responsibility کہ اس سے پہلے within legislative time ہو وہ legislation لائے۔ابھی ایک Bill, with due respect to the Honourable Minister اسی دن کہتے ہیں کہ نہیں،آج پاس کیا جائے اور سینیٹ کو time نہ دیا جائے۔ National Assembly کو time دیا گیا۔ سینیٹ کا جو time frame ہےاس کو تو دیا جائے کمیٹی کو بھیجا جائے۔اس میں ہم بھی وہاں appear ہوں گے۔اس میں بڑے issues ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے۔جی، سینیٹر ہدایت اللہ خان صاحب، جلدی جلدی،ایک منٹ، پلیز۔

**Senator Hidayatullah Khan**

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میڈم چیئرپرسن! بہت بہت شکریہ۔ منسٹر صاحب جو بات کرتے ہیں Nursing Council کا بہت بڑا mafia ہے۔اس میں ایسے لوگ بھی آ گئے تھے جس کے پاس ڈگریاں نہیں تھی۔ میں نے point raise کیا تھامنسٹر صاحب نے ان کو بلا کر بتادیا کہ آپ لوگ غلط کر رہے ہیں۔ میرے خیال میں انہوں نے اس کےاوپر بہت زیادہ کوشش کی ہےاور اسی نتیجے میں کیونکہ وہ اختیار ہمارے پاس پہلے نہیں تھا۔ منسٹر صاحب نے مجھے بتادیا کہ یہ اختیار ہمارے پاس ابھی نہیں ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب آپ کہنا کیا چاہ رہے ہیں؟

سینیٹر ہدایت اللہ خان: میڈم چیئرپرسن! میں کہنا چاہتا ہوں کہ میرے خیال میں اس Bill کو پاس کیا جائے تو بہتر ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی، سینیٹر امیر ولی الدین چشتی: صاحب۔

**Senator Amir Waliuddin Chishti**

سینیٹرعامر ولی الدین چشتی: میڈم چیرپرسن! میں کہنا چاہتا ہوں کہ on behalf of the Standing Committee Senate یہ ہماری ہی recommendation تھی اور بہت عرصے سے recommendation تھی

معزز منسٹر صاحب کو، کہ as soon as possible جیسا کہ سینیٹر ہدایت اللہ خان صاحب نے کہا کہ بہت بڑا mafia اس پر کام کر رہا تھا۔اس میں President صاحب نے Ordinance بھی جاری کیا۔ یقیناًان کی بھی اس میں دانش ہو گی کہ بہت زیادہ ایک mafia کام کر رہا تھا۔ اگر کچھ۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ایسا کرتے ہیں سینیٹر صاحب، میں نے آپ کے پہلے بھی دلائل سنے ہیں۔ جی، I am going to put it to the House کہ سینیٹ کی کمیٹی میں جائے۔ میں وزراء کو وضاحت کر رہی ہوں کہ Monday کو صبح آپ اگر meeting کر لیں، National Health Services کے Chairman اور شام تک report ہو جائے with amendments House میں آ جائے۔ قومی اسمبلی کا اجلاس جاری ہے، وہاں آپ کے منسٹر، آپ خود موجود ہیں۔آپ اسے بغیر کسی issue کے پاس کرا لیجیے گا۔

جناب سید مصطفیٰ کمال: میڈم چیئرپرسن! دوبارہ آپ خود۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے جی، I will put it to the House. Let the House decide

جناب سید مصطفیٰ کمال: میڈم چیئرپرسن! دوبارہ آپ خود دیکھ چکی ہیں، دوبارہ قومی اسمبلی میں جائے گی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: یہ House کا procedure ہے۔

(مداخلت)

جناب سید مصطفیٰ کمال Thalassemia کے لیے میں agree کر رہا ہوں کہ جو بھی amendment کر لیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: منسٹر صاحب! لیکن اس میں ممبرز کے سوال جواب ہے، اس لیے I cannot bulldoze this Bill سینیٹر ضمیر حسین گھمرو صاحب بیٹھیے، تشریف رکھیے۔ (جاری۔۔۔T08)

**T08-15May2026 Tariq/Ed: Waqas. 11:50 am**

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر۔۔۔(جاری)۔۔ منسٹر صاحب اس میں اراکین کے سوال جواب ہیں۔ therefore, I cannot bulldoze this Bill, please. آپ تشریف رکھیں۔ گھمرو صاحب آپ بیٹھیں۔منسٹر صاحب آپ تشریف رکھیں، آپ کو ہم assurance دے رہے ہیں اور کمیٹی کے چیئرمین ہاں کہہ چکے ہیں، آپ please شام تک رپورٹ دے دیجیے گا۔ We are not trying to stop your Bill, but there are some issues that need amending چھوٹے بڑے،

اس میں کوئی قباحت نہیں ہے، براہ مہربانی آپ تشریف رکھیں۔ تحمل رکھیں یہ ہو جائے گا، this is the normal procedure, آپ نے دوسرے Bill کا جو حوالہ دیا تھا اس میں House تب کہہ رہا تھا کہ وہ pass ہو،

right now there are fifteen members saying it should go to the Committee, may I put it to the House, please. Don't worry, even if it goes to the Committee, it will come out in time for it, not to expire *Insha-Allah*.

The question is that the Bill may be referred to the Standing Committee concerned?

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: Please just allow me, یہ ایک ایسا Bill ہے جو ابھی سے نہیں ہے بلکہ پچھلے پانچ چھ سالوں سے چلا آرہا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بہت important چیز ہے، اس میں جو چھوٹی چیزیں ہیں وہ بعد میں بھی ہو سکتی ہیں۔۔۔

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل آپ کی بات میں وزن ہے، آپ ووٹ کر لیجیے گا۔

The question is that, the Bill may be referred to the Standing Committee concerned? I am putting it again. Count be made.

جو چاہ رہے ہیں کہ بھلے ایک دن کے لیے کمیٹی میں جائے کیونکہ اس میں کوئی سقم ہے تو وہ کھڑے ہو جائیں۔

*(Count was made)*

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: جو چاہتے ہیں کہ کمیٹی کو refer نہ ہو اور آج ہی pass ہو جائے وہ براہ مہربانی کھڑے ہو جائیں۔ منسٹر صاحب آپ کھڑے نہیں ہو سکتے ہیں۔ جلدی سے count کر لیں۔

13 votes in favour of the Bill to go to the Committee and 14 votes who don't want to go to the Committee and pass the Bill today.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: There is no amendment in Clauses 2 to 53. So I will put these clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 53 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: Clauses 2 to 53 stand part of the Bill. There is no amendment in schedule $1^{st}$ to $5^{th}$, so I will put these schedules as one question before the House. The question is that schedule $1^{st}$ to $5^{th}$ do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: Schedule $1^{st}$ to $5^{th}$ stand part of the Bill. We may now take-up Clause 1, the preamble and the title of the Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title of the Bill do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: Clause 1, the preamble and the title stands part of the Bill. Syed Mustafa Kamal, Minister for Health Services, please mover Order No.23.

Syed Mustafa Kamal: I, Syed Mustafa Kamal, Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, move that the Bill to consolidate the laws relating to registration, licensing, and training of nurses, nurse practitioners, midwives, midwifery associates, and nurse auxiliaries [The Pakistan Nursing and Midwifery Council Bill, 2026], be passed.

Madam Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The Bill stands passed. Congratulations.

ویسے آپ لوگ کمیٹیوں سے گھبرائیں نہیں، کچھ نہیں ہونا تھا۔

سید مصطفیٰ کمال: مجھے ان سے گھبراہٹ نہیں ہے، مجھے اس مافیا سے گھبراہٹ ہے، they were very powerful تو اس لیے میں گھبرا رہا تھا، to be very honest.

Madam Presiding Officer: Senator Muhammad Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue may move Order No.24, on his behalf Mr. Bilal Azhar Kayani, Minister of State for Finance and Revenue.

جناب بلال اظہر کیانی (وزیر مملکت برائے خزانہ و ریونیو): شکریہ، محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر! Before I move Order No.24, you will see from Order No.24 to 31, there are various Bills ان میں کچھ فنانس کے ہیں اور ایک Board of Investment کا ہے۔ میری اس میں ایک درخواست ہے، پہلے جو تین Bills ہیں یہ سارے ہم نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی میں بڑی thoroughly debate کیے ہیں اور اگر آپ refer کرتی ہیں تو I always appear in the Standing Committees, it's always a privilege and pleasure and I welcome the input that the Members give, میں صرف ایک Bill ابھی سے highlight کرنا چاہ رہا ہوں جو کہ Order No.30 پر ہے، اس میں میری گزارش ہو گی کیونکہ اس کی تھوڑی سی time sensitivity ہے اور it relates to the Prime Minister's visit to China, so I would appreciate…

محترمہ پریذائیڈنگ آفیسر: تو جب اس پر آئیں گے تو آپ بول دیجیے گا۔

**Consideration of [The Netting of Financial Arrangements Bill, 2026],**

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, Bilal Azhar Kayani, Minister of State for Finance and Revenue on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb, Minister of Finance and Revenue, move that the Bill to provide for the enforcement of netting rights and collateral arrangement [The Netting of Financial Arrangements Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Madam Presiding Officer: Is it opposed? No. So I now put the motion before the House. I am referring this to the Standing Committee of Finance and Revenue. I am referring this, because it has not come in front of the Members of the Standing Committee or anybody else.

Order No.26, Mr. Bilal Azhar Kayani, please move Order No.26 on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb.

**Consideration of [The Export-Import Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2026]**

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, Bilal Azhar Kayani, Minister of State for Finance and Revenue on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb, Minister of Finance and Revenue, move that the Bill to amend the Export-Import Bank of Pakistan Act, 2022 [The Export-Import Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Madam Presiding Officer: Is it opposed? No. I am referring this also to the Committee for Finance. Order No.28, Mr. Bilal Azhar Kayani, please move Order No.28 on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb.

**Consideration of [The Fiscal Responsibility and Debt Limitation (Amendment) Bill, 2026]**

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, Bilal Azhar Kayani, Minister of State for Finance and Revenue on behalf of Senator Muhammad Aurangzeb, Minister of Finance and Revenue, move that the Bill further to amend the Fiscal Responsibility and Debt Limitation Act, 2005 [The Fiscal Responsibility and Debt Limitation (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Madam Presiding Officer: I am referring this to the Standing Committee. Order No.30, Mr. Bilal Azhar Kayani, please move Order No.30 on behalf of Mr. Qaiser Ahmed Sheikh, Minister for Board of Investment.

**Consideration and Passage of [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026]**

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, Bilal Azhar Kayani, Minister of State for Finance and Revenue on behalf of Mr. Qaiser Ahmed Sheikh, Minister for Board of Investment move that the Bill further to amend the Special Economic Zones Act, 2012 [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

چیئرپرسن صاحبہ، اس میں گزارش ہے کہ if this August House could consider, taking into consideration today and pass it, due to the time sensitivity, I would just like to highlight that thoroughness of the work that has gone into it, not just the Standing Committee on Finance of National Assembly but prior to that we also had detailed sessions with Board of Investment…

Madam Presiding Officer: I am aware. Let me go through the procedure. Is it opposed? No. I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: Second reading of the Bill. Clauses 2 to 21, there is no amendment in Clauses 2 to 21, so I will put these clauses as one question before the House. The question is that Clauses 2 to 21 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: Clauses 2 to 21 stands part of the Bill. We may now take up Clause 1, the preamble and title of the Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title do stand part of the Bill?

Followed by (T-09)

**T09-15May2026 Mariam Arshad/Ed:Waqas 12:00 noon**

Madam Presiding Officer: (Continued…..) We may now take up the Clause 1, The Preamble and the Title of the Bill. The question is that The Preamble and the Title, do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No.31. Please move Order No. 31.

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, on behalf of Mr. Qaiser Ahmed Sheikh, Minister for Board of Investment, move that the Bill further to amend the Special Economic Zones Act, 2012 [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Madam Presiding Officer: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: The Bill stands passed. Order No.32. Mian Riaz Hussain Pirzada, Minister for Housing and Works, may move Order No.32.

**Consideration of [The Islamabad Capital Territory Condominium (Ownership and Management) Bill, 2026]**

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, on behalf of Mian Riaz Hussain Pirzada, Minister for Housing and Works, move that the Bill to regulate the ownership and management of condominiums in Islamabad Capital Territory [The Islamabad

Capital Territory Condominium (Ownership and Management) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Madam Presiding Officer: I, am referring this bill to the Standing Committee, as it is, I don't understand why the word "Condominium" is used. It is not used in Pakistan in the real estate world. Order No.34. Qaiser Ahmed Sheikh, Minister for Board of Investment, please mover Order No.34. Who is moving it? Mr. Bilal you are moving it? It is a withdrawing of a bill.

**Withdrawl of [The One Stop Service Bill, 2023]**

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, on behalf of Mr. Qaiser Ahmed Sheikh, Minister for Board of Investment, seek leave of the House under Rule 115 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 to withdraw the Bill to provide for establishment of one stop service for investors in special economic zones and the country, in general [The One Stop Service Bill, 2023], as introduced in the Senate on 25th July, 2023.

Madam Presiding Officer: I, now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Madam Presiding Officer: Leave to withdraw the bill is granted. Order No.35.

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, on behalf of Mr. Qaiser Ahmed Sheikh, Minister for Board of Investment, withdraw the Bill to provide for establishment of one stop service for investors in special economic zones and the country, in general [The One Stop Service Bill, 2023].

Madam Presiding Officer: The bill stands withdrawn. Order No.36. Who is going to lay this report? Any Minister? Yes, Mr. Azhar Kayani.

## Laying Of Annual Report of the National Economic Council for the Financial Year 2023-2024

Mr. Bilal Azhar Kayani: I, on behalf of Minister-In-Charge, Cabinet Secretariat, lay before the Senate the Annual Report of the National Economic Council for the Financial Year 2023-2024, as required by clause (5) of Article 156 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

Madam Presiding Officer: The report stands laid. Order No.38. There is a Calling Attention Notice in the name of Senator Kamran Murtaza, please raise your matter.

## Calling Attention Notice raised by Senator Kamran Murtaza regarding the non-compliance of Notification dated 8th April, 2026, issued by the Pakistan Medical and Dental Council, by the University of Health Sciences resulting in Balochistan's Medical reserved seats vacancies

Senator Kamran Murtaza: I, draw attention of the Minister for National Health Services, Regulations and Coordination, towards the non-compliance of Notification dated 8th April, 2026, issued by the Pakistan Medical and Dental Council, by the University of Health Sciences, as a result of which 5 to 9 seats reserved for students from Balochistan in medical colleges have remained vacant and students of backward province are deprived of admission.

Madam Presiding Officer: Order in the House. Minister for Health; please come back to your seat. You have to answer. Minister Health, please come back to your seat to answer the Calling Attention. I understand you are being congratulated. There is Calling Attention, the mover has moved it. Now, please answer it, you must have read it.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: Item No.38 ہے اس میں پانچ سے نو seats vacant ہیں جو بلوچستان کے students کی ہیں۔ میں نے اس کو پہلے بھی point out کیا تھا تارڑ صاحب اس دن تشریف رکھتے تھے۔ انہوں نے commitment کی

تھی اور وہ commitmentپوری نہیں ہوئی پھر ایک بہن کے حوالے کیا انہوں نے بھی ہمیں آنے جانے میں لگائے رکھا۔ آپ کو تومعلوم ہوگا کہ یہ جو collegesکی seatsہوتی ہیں اس میں حاضریاں requiredہوتی ہیں اور جب وہ حاضریاں پوری نہ ہوں تو ان کا وہ سال ضائع ہو جاتا ہے۔ یہ بلوچستان کے لوگوں کے لیے کیا صرف الزامات لگنا مقصود ہیں یا ہمارا نصیبunnatural deathsہیں اگر بلوچستان سے بچے پڑھنا چاہتے ہیں تو وہ seats reserveہیں اور وہ ہم deserve بھی کرتے ہیں۔ کیا ہمیں کبھی وہ seatsملیں گی یا نہیں ملیں گیں یا اسی طرح سے آنیاں جانیوں میں ضائع کر دی جائیں گی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی منسٹر صاحب۔ سواتی صاحبCalling Attentionپر جس کاsignatureہوتا ہے وہی سوال کر سکتا ہے۔.No, you cannot, I beg your pardonجی منسٹر صاحب۔

سید مصطفیٰ کمال: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔Honourable Senator جو بات فرما رہے ہیں بالکل جائز بات ہے لیکن میں صرف یہ عرض کر دوں یہاں پر کہ seatsکوfill کرنے کی جو responsibilityہے وہ particular collegesکے اوپر ہے۔ PMDC has got no role in it actuallyجب ہم یہ دے دیتے ہیں تو وہ ان صوبوں کےparticular collegesکیresponsibility ہے۔ہم یہ کرسکتے ہیں اور اس کو ہم نے بھجوایا ہوا ہے کہ ان سےreason پوچھیں کہ ایسا کیوں نہیں کیا۔ لیکن PMDCجس کے under colleges آتے ہیں اورجو ایک regulatory bodyہے جو ہماری under Federal Ministryمیں ہے، اس کے اندر بھیissuesہیں لیکن اس کے اندر ہمارا direct roleنہیں ہے۔ Honourable Senatorکی بات کے بارے اس کالج سے یا اس صوبے سے ہم پوچھتے ہیں پر کہ یہ کیسا۔۔۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: اس میں تارڑ صاحب نےcommitment کی تھی پھر ایک بہن کے حوالے کر دیا معاملہ مگر وہ آگے تک چلا نہیں تو پنجاب سے متعلق ہے seats allocateہوئی ہیں۔ Seats بھی ہیں، بچے ہمارے meritپر آئے ہوئے ہیں مگر اس کے باوجود وہ accommodateنہیں ہو رہے تو صرف تھوڑی توجہ ان 10 ,9 ,7 ,5بچوں کی طرف کی جائے تو شاید ان کاfuture بچ جائے۔

جناب سید مصطفیٰ کمال: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! میں personally request کروں گا صوبہ پنجاب کے جو منسٹر ہیں and like I said اس میں ہمارا direct role نہیں ہے، PMDC and Federal government کا direct role نہیں ہے۔ میں گزارش کروں گا میری ان کے اوپر کوئی authority نہیں ہے چونکہ یہ issue ہے and I acknowledge this issue, I will try to help as much as possible. ہم اس کو ان شاءاللہ تعالی resolve کریں گے۔ میں personally اس کو look after کروں گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ کامران مرتضیٰ صاحب اس پر آپ تین دفعہ بات نہیں کر سکتے۔ I, beg your pardon.

Order No.39. Calling Attention in the name Senator Zamir Hussain Ghmro, please raise your matter.

Senator Zamir Hussain Ghmro: I wanted to draw attention of the Minister for Petroleum, towards the daily payments of more than half a million USD as Capacity Charges to the LNG terminals at Port Qasim even when there is no LNG being imported by the country due to gulf crisis but he has requested for its defferement.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: گھمرو صاحب IPPS کے حوالے سے تھا اور مجھے بھی منسٹر صاحب کی طرف سے request آئی ہے۔ آپ defer کرنے کے لیے agree کر رہے ہیں؟

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: جی میں agree کر رہا ہوں۔

Madam Presiding Officer: Then, we defer it.

پھر آپ اسی دن تقریر کر لیجیے گا جب منسٹر موجود ہوں گے اور وہ جواب دینے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

سینیٹر ضمیر حسین گھمرو: اس کو اگلے ہفتے رکھ لیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: یہ کب رکھنا ہے؟ Next week, Minister you see to it that the relevant Minister is here. Any other matter? جی سواتی صاحب۔

**Point of Public Importance raised by Senator Muhammad Azam Khan Swati regarding upholding fundamental human rights as enshrined in the Constitution of Pakistan**

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: میڈم پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ آج جس انسانی حقوق کے لیے، پاکستان کے ایک باوقار شہری کے حقوق کے لیے اور خاص طور پر خواتین کے حقوق کے لیے میں آپ کے سامنے کھڑا ہوں۔ میں یہ گزارش کر رہا ہوں کہ کیا تقسیم سے، نفرت سے، انتقام سے ہم اپنے ملک کو آگے لے کر جا سکتے ہیں۔ پاکستان کے ہر دل عزیز لیڈر عمران خان اور ان کی اہلیہ اور جو کوٹ لکھپت کے اندر ہمارے قیدی ہیں یا جو روپوش ہیں۔ کیا طاقت ور حلقے ہمیں سزا، تقسیم اور نفرت سے اپنے اس ملک کے لیے، اپنی افواج کی عزت کے لیے، قوم کی یکجہتی کے لیے کیا یہ role ہے یا role ان کو مفاہمت کا، بہتری کا دوستی کا، یگانگت کا تاکہ جس طرح میں نے پچھلی تقریر میں کہا تھا کہ اپنے معاشرتی، اپنے معاشی اور خاص طور پر دہشت گردی سے متعلق جو معاملات ہیں ان کو یکجا ہو کر حل کریں۔ آج پھر میں یہ آواز اس ایوان میں۔ (جاری----T10)

T10-15May2026 FAZAL/ED: Shakeel 12:10 pm

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: (جاری ہے---) آج پھر میں یہ آواز اسی ایوان میں رانا صاحب موجود ہیں، انہوں نے بڑے اچھے افکار کے ساتھ اپنا سابقہ بیان دیا اور خاص کر اپوزیشن لیڈر نے، ان کا بیان بھی قابلِ ذکر ہے۔ انہی الفاظ کے ساتھ میں انتہائی اختصار کے ساتھ کہنا چاہتا ہوں کہ آج ہمارے عمران خان اور ان کی قابلِ قدر اہلیہ، ان کی ایک آنکھ ضائع ہو چکی ہے۔ انسانی حقوق اور بنیادی حقوق اس ملک کے گارنٹی دیتے ہیں، انٹر نیشنل کنونشن اس بات کی گارنٹی دیتے ہیں اور سب سے بڑی بات کہ دین کے اسلوب اس بات کی گارنٹی دیتے ہیں کہ ان کو پاکستان کے شہری کے وہ حقوق، پاکستان کے شہری کی وہ عزت اور وہ توقیر دی جائے۔

میں ایک بار پھر کہہ رہا ہوں۔ اسی ایوان کے ممبر کی حیثیت سے یہ کہہ رہا ہوں اور پاکستان کے شہری کی حیثیت سے یہ کہہ رہا ہوں کہ یہ ظلم، یہ استبداد یہ میرے ملک پاکستان کو یکجا نہیں کرے گا بلکہ یہ تباہ کرے گا۔ ہمیں unity کی اس وقت ضرورت ہے اس لیے کہ پاکستان چاروں طرف سے جو قریبی دشمن ہیں یا دور کے دشمن ہیں، ان کے گھیرے میں ہے۔ ہمیں اس عوامی تائید کے لیے ضرورت ہے کہ

ایک اسٹیج کے اوپر کھڑے ہوں اور اپنے فیصلوں کے اندر وہ تبدیلی لائیں جس کی قانون، ہمارا آئین، ہمارے بنیادی حقوق اور سب سے بڑی بات کہ ہمارے دینی اسلوب اس کی تائید میں ہوں۔

میں پھر یہ کہہ رہا ہوں، طاقتور حلقوں سے کہہ رہا ہوں اور اس ایوان کی طرف سے کہہ رہا ہوں کہ خدارا غیر انسانی سلوک، خاص کر انسان کی صحت جسے ہمارا آئین گارنٹی دیتا ہے، اس طرح ناروا سلوک کسی طرح بھی یہ جائز اور مناسب نہیں اور اس پر سوچ اور سمجھ کی کوشش کرنی چاہیے اور اس پر عمل کرنا چاہیے تاکہ ملک کے اندر جو بے یقینی کی صورتحال ہے وہ سنبھل سکے اور ہم ایک سیاسی تعطل جو اس وقت پیدا ہو چکا ہے، معاشی تعطل جو پیدا ہو چکا ہے اور دہشت گردی سے جو تعطل پیدا ہو چکا ہے، اس پر قابو پا سکیں۔ پاکستان پائندہ باد۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی لیڈر آف اپوزیشن۔

## Point of public importance raised by Senator Raja Nasir Abbas, Leader of the Opposition regarding misuse of powers by the Government

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، میڈم چیئرپرسن! آپ کا بہت شکریہ۔ کافی مرتبہ آپ ہی کی چیئرمین شپ میں مجھے گفتگو کا موقع ملا۔ میڈم! ہم مسلمان ہیں۔ ہمارا آئین بھی جہاں سے شروع ہوتا ہے کہ حاکمیتِ اعلیٰ اللہ کی ہے۔ اقتدار کا مالک اللہ ہے۔ یعنی جس کے پاس بھی یہاں پاور ہے وہ امانت ہے، وہ اس کا مالک نہیں ہے اور امانت کا معنی یہ ہے کہ اس کو وہاں استعمال کیا جائے جہاں جس کی امانت ہے وہ چاہتا ہے اور پسند کرتا ہے۔ اس کے خلاف استعمال نہ کیا جائے۔ لہٰذا خداوندِ متعال قرآن میں کہتا ہے وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ، تیرا رب اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔ اگر اس پاور کا استعمال، اقتدار کا استعمال ظلم کرنے پر ہوگا، تو گویا آپ خدا کی بارگاہ سے جو ایک امانت ملی ہے اس میں خیانت کر رہے ہیں۔ اس کو جہاں استعمال کرنا چاہیے تھے وہاں پر استعمال نہیں کر رہے ہیں اور اس کے برخلاف استعمال کر رہے ہیں۔ دیکھیں، ظلم کی definition کیا ہے۔ سادہ ہی انداز میں بیان کرتا ہوں کہ جو جس کا حق ہے وہ اس کو نہ ملے۔ جب بھی کسی کا حق ہے، بنیادی حقوق ہوں، انسانی حقوق ہوں، جو آئین اور قانون نے دیئے ہوئے ہیں، وہ اس کو نہ ملیں تو گویا ظلم ہو رہا ہے۔ اور یہاں دو طرح کے، ایک ظالم ہوتا ہے، ایک مظلوم ہوتا ہے، ایک وہ لوگ ہوتے ہیں، اگر کوئی ظالم کے ظلم پر راضی ہو جائے تو وہ بھی ظالم میں ہی شمار ہوتا ہے۔ من رضی بفعل قوم فانہ منہم۔ جو کسی بھی قوم کے فعل پر راضی ہوتا ہے وہ انہی میں سے ہے، اگر وہ اچھا کام کر رہے ہیں، راضی ہے، یہ اچھے لوگوں میں سے ہے، اگر ظلم ہو رہا ہے، راضی ہے، ان میں سے ہے۔

دوسری بات، لہٰذا ہماری تعلیمات میں بھی ہے کہ کن للظالم خصماً وللمظلوم عوناً ظالموں کے دشمن بنتا ہے اور مظلوموں کا مددگار بننا ہے۔ یہ دین سکھاتا ہے۔ یہ وہی قرآن و سنت سکھاتا ہے جو سپریم ہے۔ میڈم! اس وقت میرا ایک سوال ہے۔ جس طرح سے پاکستان کو چلایا جا رہا ہے، جس طرف ہم جا رہے ہیں، یہ امانت و اقتدار اور پاور ہمارے ہاتھ میں ہے۔ دو چیزیں یہاں پر ہو سکتی ہیں۔ ایک مشکل ہے اور ایک آسان ہے۔ آپ power کا استعمال ایسے کریں کہ آپ کو یقین ہو جائے خدا اس power کے استعمال پر راضی ہے۔ ایک یہ ہے کہ کم از کم power اور اختیارات کا استعمال ایسے کریں کہ آپ کو اطمینان ہو کہ خدا ناراض نہیں ہوگا، کیونکہ ایک ایسی جگہ بات کر رہا ہوں جو پاکستان کا ایوان بالا ہے۔ ایک تو افسوس ہوتا ہے کہ حاضری کے اعتبار سے، میرے خیال میں اس پر توجہ ہوگی آپ مجھ سے سینئر پارلیمنٹیرین ہیں، باقی بھی یہاں موجود ہیں۔ یہاں جو ممبرز ہیں وہ کس طرح سے آتے ہیں، کتنا time دیتے ہیں، کس وقت چلے جاتے ہیں، ان کی چھٹیاں کتنی ہوتی ہیں۔ یہ ساری چیزیں ویسے بھی میرے خیال میں ایک سال کے اندر 110 دن کے اجلاس ہوتے ہیں، باقی تو چھٹیاں ہوتی ہیں یا اسٹینڈنگ کمیٹی کے اجلاس ہوتے ہیں۔ بہرحال میڈم! اس وقت یہ صورتحال ہے۔ کیا جن کے پاس power ہے، میرا ایک سوال ہے، ظلم پاکستان میں ہو رہا ہے یا نہیں ہو رہا ہے؟ لوگوں کی مشکلات بڑھ رہی ہیں یا کم ہو رہی ہیں؟ لوگوں کو ان کے حقوق بہترین طریقے سے، ہموار طریقے سے مل رہے ہیں یا رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں؟ اس وقت آپ دیکھ لیں، کسی بھی ملک کے اندر میڈم چیئرپرسن! جو سیاسی political workers ہوتے ہیں وہ بہت اہم ہوتے ہیں۔ معاشرے میں سیاسی زندگی انہی سے ہوتی ہے۔ اگر ہم ان کو ڈنڈے ماریں، سر پھاڑیں، جیلوں میں ڈالیں، ان کا مستقبل تاریک کر دیں۔ آپ اپنی سیاسی زندگی کو دیکھیں، جو خود اپنے آپ کو سیاستدان کہتے ہیں، جمہوری کہتے ہیں، الیکشن کو فروغ دیتے ہیں اور support کرتے ہیں، گویا ہم اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار رہے ہیں، اپنے ہاتھ خود کاٹ رہے ہیں۔ نشان عبرت بنا رہے ہیں کہ خبردار اگر تم نے political worker بننے کی کوشش کی۔

میڈم! اس وقت عدل و انصاف سے ایک نظام چل سکتا ہے۔ عدل و انصاف کی بنیاد پر سسٹم بنائے جا سکتے ہیں ورنہ چھبیس کروڑ عوام کا یہ ملک اس طرح نہیں چلے گا۔ مشکلات پیدا ہو رہی ہیں، دن بدن بڑھ رہی ہیں۔ جب ہم مذاکرات کی بات کرتے ہیں، مجھے اب یہ لگنا شروع ہو گیا ہے جیسے یہ ہماری کمزوری ہو گئی ہے۔ صرف ہمیں نہ دیکھو، وہ خدا جو اس کائنات کا مالک ہے اور رب ہے، جس نے کہا ہے کہ 'واللہ عزیز ذوانتقام' اللہ طاقتور ہے، مضبوط ہے اور ظالموں سے انتقام بھی لیتا ہے۔ حد عقل کم از کم ہم اگر ظلم نہ کریں، ظالم کا ساتھ نہ دیں اگر عدل نہیں کر سکتے۔ میڈم! اس وقت میرا ایک سوال ہے، power کس کے پاس ہے؟ اقتدار کس کے پاس ہے؟ کون power کو استعمال کر رہا ہے؟ کس میں جرات ہے، کیا جیل کے ایک سپرنٹنڈنٹ میں جرات ہے کہ وہ کورٹ کے احکام کو پاؤں تلے روندے؟ مجھ سے بہتر آپ

کی سیاسی تاریخ ہے اور پارلیمنٹ میں رہی ہیں۔ سارے حقوق جانتی ہیں، وکیل بھی ہیں، ماشاء اللہ رانا صاحب بھی وکیل ہیں۔ میرا ایک سوال ہے کہ اس حکومت سے ہمارا اختلاف ہے۔ یہ Form-47 کی حکومت ہے ہمیں ان سے اختلافات ہیں۔ کیا ہماری حکومت اتنی مفلوج ہے، اتنی کمزور ہے خدانخواستہ کہ ہم ان سے request کرتے ہیں، ملتے ہیں، بات کرتے ہیں کہ بھئی آپ آگے بڑھیں۔ عمران خان یا باقی جو سیاسی قیدی ہیں، مثلاً میں مثال دیتا ہوں۔ میں اپنے چھوٹے بھائی اور عزیز، صاحبزادہ حامد رضا سے ملنا چاہتا تھا۔ میں ان سے ملاقات نہیں کر سکتا ہوں۔ رانا صاحب! وہ فیصل آباد میں ہیں۔ میں نے کتنی بار کوشش کی ہے مگر ان سے نہیں مل سکا۔ وہ بیمار بھی ہیں اور مریض ہیں۔ یعنی یہ لوگ اتنے بڑے مجرم ہو گئے ہیں۔ اگر یہ جملہ لکھ کر دے دیتے تو یہ تو پاک صاف ہو جاتے۔ پھر ہم مشرقی لوگ ہیں، ہمارے ہاں خواتین کا احترام ہوتا ہے۔ میڈم چیئرپرسن! کوئی ماضی کی غلطی آج کی غلطی کو legitimize and legalize نہیں کر سکتی۔

(جاری ہے۔۔۔۔۔T11)

T11/15May2026 Naeem Bhatti/ED: Waqas 12:20 pm

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): (جاری۔۔۔۔) میڈم چیئرپرسن! کوئی ماضی کی غلطی آج کی غلطی کو legitimize and legalize نہیں کر سکتی، دنیا کا کوئی قانون، ضمیر اور وجدان اجازت نہیں دیتا۔ کیا اس طرح کی حرکات اور کاموں سے ہم ایک قوم بن سکیں گے؟ میں خود طالبعلم ہوں، civilization کے بغیر ایک قوم نہیں بن سکتی، کیا ہم لاقانونیت سے، اختیارات کو غلط استعمال کرنے سے civilized ہو رہے ہیں؟ پاکستان کی تاریخ تو اتنی بڑی نہیں ہے کہ اس کی تاریخ دو ہزار سال، تین ہزار سال پرانی ہو اور اس کی civilization ہو، ہم نے ایک قوم بنانا تھا، ہم نے nation building کا کام کرنا تھا، ہم نے civilization اور تہذیب و تمدن کو بنانا تھا، کیا اس طرح کی لاقانونیت سے، اس طرح کے اختیارات سے، اس طرح کی عدلیہ سے، اس طرح کے الیکشن کمیشن سے، اس طرح لوگوں کے حقوق پامال کرکے اور سیاستدانوں کو نشان عبرت بنا کر ہم یہ کام کر سکتے ہیں؟

میڈم! میری گزارش ہے، میں نے اس دن بھی request کی تھی کہ ہم اپنے آپ کو کمزور نہ سمجھیں، ہم، آپ ایک کمیٹی بنائیں، دو آدمیوں کی، تین آدمیوں کی، حکومتی side سے دوست ہو جائیں اور اپوزیشن سے بھی دوست شامل ہو جائیں، وہ جائیں عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں سے ملاقات کر لیں اور آکر یہاں report دے دیں، دیکھیں ہمارے ملک میں جو لاقانونیت ہے، وہ ہے اور اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ میں اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہوں، روکتے ہیں اور ساتھ ایک گالی بھی نثار کرتے ہیں۔ اس وقت لاقانونیت ہے،

! میڈم power کو misuse کیا جارہا ہے، اختیارات کا غلط استعمال ہے، ہم اچھے انسان نہیں بنا رہے، اخلاقیات کی تربیت نہیں دے رہے۔ میڈم ! سب سے اوپر بیٹھنے والا جب گالی دے گا تو چھوٹے کیا کریں گے، وہ تسبیح پڑھیں گے؟ سب سے اوپر بیٹھنے والا جب power کو misuse کرے گا، نیچے SHO ہمارے ساتھ کیا کرے گا، سپاہی کیا کرے گا؟ میں جہاں رہتا ہوں، ہمیں وہاں مشکلات ہیں، میں نہیں چاہتا کہ اس پر بات کروں، ہم خود مسائل کھڑے کر رہے ہیں لیکن میں نے آج تک زبان پر وہ نہیں لایا۔ ہماری فیملی کے ساتھ جو مشکلات کھڑی کی گئیں، میں نے آج تک وہ بیان نہیں کیں اور نہ آئندہ کروں گا۔ ہم پہلے بھی گزارش کر چکے ہیں، آپ سے کہہ رہے ہیں، چیئرمین سینیٹ سے کہا ہے، یہاں treasury کے دوستوں سے کہا ہے، آپ ایک کمیٹی بنائیں، کوٹ لکھپت جیل میں جائیں، سندھ، بلوچستان میں جائیں، سیاسی قیدیوں سے جا کر ملاقات کریں، خود جا کر جیلوں کی حالت دیکھیں، یہ کیوں prohibited areas بن گئے ہیں، رانا صاحب بھی وکیل ہیں، کیا ایک ایم این اے اور سینیٹر کو حق حاصل ہے کہ وہ جا کر جیل کا visit کرے، کیا ہم جا سکتے ہیں، ہمیں کس نے روکا ہے، جس نے روکا ہے، ہم اس کے مقابلے پر سارے کھڑے ہوتے ہیں، ہمیں اپاہج تو نہیں بننا چاہیے، paralyze تو نہیں ہونا چاہیے، دنیا دیکھ رہی ہے، پاکستان دیکھ رہا ہے، عوام ہمیں دیکھ رہے ہیں۔

میری گزارش ہے کہ اس مسئلے کو آسان نہ لیا جائے، عید بھی آرہی ہے، عید پر تو قیدیوں کی سزاؤں میں بھی دو مہینے، تین مہینے کی کمی کر دی جاتی ہے۔ ہم مسلمان ہیں، عید کا دن آتا ہے، ہماری دو عیدیں ہیں، ایک عید الفطر اور دوسری عید قربان ہے۔ میری گزارش ہے کہ اسے اہمیت دی جائے، political crisis کو ٹھیک کریں، جب تک political crisis ٹھیک نہیں ہوگا اس وقت تک بدامنی ختم نہیں ہوگی۔ اب بجٹ بھی آرہا ہے، میرا سوال ہے کہ جو economic مشکلات کھڑی ہو رہی ہیں، لوگوں پر pressure آرہا ہے، کیا آپ اکیلے اس کا بوجھ اٹھا سکتے ہیں، عوام کو جواب دے سکتے ہیں، یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہم ٹھیک کر رہے ہیں۔ میں نے اُس دن economic condition پر یہاں بارہ سوالات اٹھائے، ایک کا بھی انہوں نے جواب نہیں دیا، یہ اپنے آپ کو جوابدہ نہیں سمجھتے۔ اس لیے میری گزارش ہے کہ آپ ایک کمیٹی بنائیں، وہ کمیٹی across the board visit کرے اور جو سیاستدان جیلوں میں ہیں، عمران خان صاحب جیل میں ہیں، ان کی فیملی کے لوگ ہیں، باقی لوگ ہیں۔ یہ ایک ایسی بنیاد رکھ دیں خدانخواستہ اگر آئندہ کسی سیاستدان کے ساتھ ایسا ہوتا ہے تو سینیٹ اس حوالے سے ایک role model بن جائے کہ وہ سیاستدانوں کے حقوق پر compromise نہیں کرے گا، ہم ان کے سامنے بولیں گے۔ دیکھیں ظلم میں pick and choose نہیں ہوتا، مثال کے طور پر 'x' کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے تو میں چپ رہوں اور اگر 'y'

کے ساتھ ظلم ہوتا ہے تو میں بولنا شروع کر دوں، یہ خود ظلم ہے۔اس لیے میری گزارش ہے کہ آپ اس پر ruling دیں، کمیٹی بنے،آپ سیاستدان ہیں،آپ کی شناخت سیاسی ہے،آپ ایک سیاسی جماعت سے ہیں جس کے لیڈر کو پھانسی دی گئی۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: قائد حزب اختلاف! میں اس پر ruling نہیں دے سکتی،جو sitting Chairman ہیں وہی اس طرح کی سیاسی ruling دے سکتے ہیں۔آپ کا point extensively آگیا ہے۔آپ نے جامع طور پر بات کی ہے، میں سمجھتی ہوں کہ جس کا جواب حکومت کو بالکل دینا چاہیے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: میڈم! اس پر ایک کمیٹی بننی چاہیے،اس کی تائید وحمایت کر دیں، یہ اس کے head بن جائیں، ہم ان کے ساتھ چلے جائیں گے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: حکومت کو بالکل جواب دینا چاہیے،اگر یہ کہیں تو پھر آگے چل سکتے ہیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: مجھے پتا ہے کہ جو جواب دیا جائے گا، پہلے بھی ایسے ہوا ہے، 2018 میں بھی ہوا ہے، فلاں ہوا ہے، یہ ہوا ہے، وہ ہوا ہے، میں نے جوابات کی ایک list بنائی ہوئی ہے، نکات لکھے ہوئے ہیں، اگر کہیں گے تو میں اتنی تقریر کروں گا، جواب نہیں دیے جاتے ہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: رانا صاحب! وہ بھی یہی بات کرنا چاہتے تھے۔جی کاکڑ صاحب۔

## Points of public importance raised by Senator Manzoor Ahmed Kakar regarding the constitutional rights of citizens to live and work across provinces, and the issues faced by students in university hostels in Karachi.

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: شکریہ، میڈم! دو دن پہلے کراچی والا ایک معاملہ تھا جو میں نے ایوان کے سامنے رکھا تھا، کراچی میں رہنے والے پشتون یا باقی قومیں ہیں، ان کے ساتھ جو رویہ تھا، اس حوالے سے میں نے اس floor پر بات کی تھی۔ میں نے یہ درخواست کی تھی کہ اس معاملے کو committee میں refer کیا جائے، یا ہماری Chief Minister Sindh کے ساتھ meeting arrange کی جائے کہ وہاں پشتون یا کوئی جاتا ہے، میں پھر یہ بات کہوں گا کہ کوئی مستی سے نہیں جاتا بلکہ مجبوری میں کاروبار کے لیے جاتا ہے۔ Students کا مسئلہ تھا، ان میں بلوچ بھی تھے، پشتون بھی تھے، دوسری زبان بولنے والے بھی تھے۔ ان طلبہ کا یونیورسٹیوں میں داخلہ بھی ہو چکا ہے، ان کی scholarships بھی ہیں لیکن انہیں ہوسٹل نہیں دیا جا رہا۔ کیا پاکستان کا آئین یہ اجازت نہیں دیتا کہ جتنی

اقوام رہتی ہیں، وہ پنجاب سے بلوچستان جائیں، بلوچستان سے سندھ جائیں، کیا وہ اپنا کاروبار نہیں کر سکتے ہیں یا وہاں اپنی زندگی بسر نہیں کر سکتے؟ چھوٹے موٹے کاروبار ہیں، کسی نے restaurant کھولا ہوا ہے، کسی نے کوئی دکان وغیرہ کھولی ہو گی۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر صاحب! اگر آپ اجازت دیں تو میں سینیٹر مانڈوی والا کو یہ request کروں گی کہ آپ اور آپ کے متعلقہ ممبران کی وزیراعلیٰ سندھ کے ساتھ کسی موزوں وقت پر meeting arrange کروادیں۔

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: جی ٹھیک ہے۔ میں اس میں صرف ایک بات کرنا چاہتا ہوں کہ انمول عرف پنکی نامی ایک drug queen سامنے آئی ہے۔ اس ملک میں دو قانون ہیں، امیر کے لیے الگ قانون اور غریب کے لیے الگ قانون ہے۔ جب اسے عدالت میں پیش کیا جارہا تھا تو لگ ہی نہیں رہا تھا۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر منظور صاحب! سینیٹر مانڈوی والا کی بات سن لیں، شاید وہ اس بات کا جواب دینا چاہیں۔

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: میڈم! میں اسی بات پر آرہا ہوں۔ میں نے قانون کے حوالے سے بات کی اور اس لیے میں نے یہ بات کی ہے کہ وہاں کوئی کاروبار کر رہا ہے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی شکریہ، وہ آپ کی meeting بھی arrange کردیں گے۔

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: میں پھر کہتا ہوں کہ ملک میں ایک قانون ہونا چاہیے، چاہے غریب ہو یا امیر ہو۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی کاکڑ صاحب! آپ نے بالکل صحیح کہا ہے۔

سینیٹر منظور احمد کاکڑ: میڈم! عید آرہی ہے، سندھ اور بلوچستان کے حوالے سے کاروباری حضرات بڑے پریشان ہیں، اب عید کے موقع پر lockdown میں وقت دیا جائے تاکہ لوگ اپنا کاروبار بھی کر سکیں۔ یہاں قائد حزب اختلاف نے ایک بات کی ہے، میں اس بات کو تھوڑا آگے لے کر جاؤں گا، ہم بارہا اس floor پر بات کرتے رہے کہ جس کی حکومت ہو وہ victimization کی طرف نہ جائے۔ یہ چیزیں ہمارے سامنے چلتی رہی ہیں، عدالتیں ہیں، جو عدالت میں جانا چاہتا ہے وہ جائے، عدالت جس کو relief دے یہ عدالت کا prerogative ہے، رانا ثناء اللہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، سابق دور میں رانا ثناء اللہ صاحب اس کے victim رہے ہیں۔

(جاری۔۔۔۔۔T/12)

T12-15May2026 Rafaqat Waheed/Ed: Mubashir 12:30 noon

سینیٹر منظور احمد: (جاری) رانا ثناءاللہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ رانا ثناءاللہ صاحب اس کے victim رہے۔ اس کے بعد جو چیزیں چلتی رہی ہیں، ہم تو پہلے یہی بولتے رہے ہیں کہ آپ ایسے کام نہ کریں کہ آنے والے وقتوں میں ہمارے لیے مسئلے مسائل بنیں۔ اس حوالے سے میں آج پھر کہوں گا، یہی بات دوبارہ رکھوں گا کہ آئیں، مل کر اس ایوان کی مضبوطی کے لیے، عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اور ملک کے استحکام اور ملک کی معیشت کے لیے مل کر کام کریں۔ آج ہم اس stage پر آئے ہوئے ہیں کہ دوبارہ اس چیز کو highlight کر رہے ہیں، دوسری طرف لے جا رہے ہیں اور لڑائی کی طرف لے جا رہے ہیں۔ آج بھی پاکستان مشکل میں ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں اذانِ جمعتہ المبارک سنائی دی)

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ wind up کیجیے، جماعت شروع ہونے والی ہے جبکہ بہت سے اراکین بیٹھے ہیں۔

سینیٹر منظور احمد: میں صرف ایک بات کروں گا۔ پولیس کا محکمہ لے لیں۔ اس میں اچھے لوگ بھی ہیں اور برے بھی۔ میں دونوں sides آپ کے سامنے رکھوں گا۔ سب سے پہلے ہمیں پولیس کی طرف توجہ دینی چاہیے۔ اگر ہم اس میں کچھ reforms لے آئیں تو بہتر ہوگا۔ ہم نے ان کو اتنے اختیارات دے دیے ہیں کہ جہاں چاہتے ہیں، وہ لوگوں کو گولی مار دیتے ہیں۔ بلوچستان میں دو تین واقعات ہوئے، وہاں بچے تھے، youngsters تھے، انہوں نے گاڑی نہیں روکی تو گولی مار دی گئی۔ یہ کون سا اور کیسا قانون ہے، سمجھ میں نہیں آتا۔ ہم نے پولیس کو بھی دیکھنا ہوگا اور اس میں reforms لانی ہوں گی۔ ہم تھوڑے بہت reforms لائیں گے۔ ہم چاہتے ہیں کہ پولیس مزید بہتر اور effective ہو لیکن یہ نہ ہو کہ وہ اس طرح لوگوں کی سرپرستی کرے اور غریبوں کے پیچھے پڑی رہے۔ شکریہ چیئرپرسن صاحبہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ رانا صاحب! آپ ابھی بولنا چاہیں گے۔ ابڑو صاحب نے پہلے سے مائیک کا بٹن دبایا ہوا تھا۔ اس کے بعد دنیش تھے۔ آپ دو دو منٹ بات کر لیں۔ فیصل! آپ پلیز دو منٹ wait کر لیں۔ جی سینیٹر ابڑو! مختصر رکھیے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: جی میں بیٹھ جاتا ہوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، اس لیے کہ سیشن کا وقت ختم ہونے والا ہے۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: ان شاء اللہ، next time کرلوں گا۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اگلی مرتبہ کریں گے۔ ٹھیک ہے۔ ابھی بہت سے اراکین نے بات کرنی ہے۔ دنیش صاحب! آپ بات کریں۔

**Point of public importance raised by Senator Danesh Kumar regarding recent anti-encroachment drive in Islamabad carried out by the CDA**

سینیٹر دنیش کمار: بہت بہت شکریہ۔ میڈم! اسلام آباد میں کافی عرصے سے encroachment کے حوالے سے کارروائیاں چل رہی ہیں۔ آپ نے دیکھا کہ بری امام میں بھی جس انداز سے مکانات مسمار کیے گئے، اس کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی۔ سید محسن نقوی صاحب جو کہ اس محکمے کے منسٹر ہیں، اگرچہ وہ یہاں موجود نہیں ہیں، میں تو حیران ہوں کہ محسن نقوی صاحب تو حسینیت کے علمبردار ہیں۔ ان میں کب سے یزیدیت والا رویہ آگیا ہے کہ وہ غریبوں اور مسکینوں کے گھروں کو اجاڑ کر اپنا دلی سکون حاصل کرنا چاہ رہے ہیں۔ میڈم! یہ عمل یزیدیت ہے۔ ٹھیک ہے اگر کالونیاں غیر قانونی ہیں تو انہیں نوٹسز دیے جائیں یا پھر انہیں متبادل جگہ دیں۔ اب یہ کالونیاں ایک دن میں تو نہیں بنیں یا کوئی آسمان سے تو نہیں گریں۔ ان کالونیوں کے بننے میں وقت لگا ہے۔

میڈم! یہاں پر رمشا کالونی ہے جہاں پر مسیحی لوگ رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ ایک مسکین کالونی ہے اور علامہ اقبال کالونی ہے جہاں پر اقلیت کے لوگ رہتے ہیں۔ میڈم! انہیں بھی نوٹسز دیے گئے ہیں اور کہا گیا ہے کہ یہ کالونیاں خالی کریں نہیں تو انہیں مسمار کر دیا جائے گا۔ وہ بے چارے غریب لوگ ہیں۔ یہاں اسلام آباد میں صفائی ستھرائی کا کام کرتے ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ یزیدیت والا رویہ کیوں روا رکھا جارہا ہے۔ محسن نقوی صاحب سے کہوں گا کہ آپ اہل سادات ہیں، آپ سید گھرانے سے ہیں اور مجھے فخر ہے کہ ہم نے آج سے چودہ سو سال پہلے برصغیر میں میرے خاندان نے اہل بیت کی خدمت کی تھی۔ ہمیں بھی حسینیت کا خطاب ملا تھا۔ میں محسن نقوی صاحب سے ہاتھ جوڑ کر کہتا ہوں کہ ان غریبوں کے لیے حسینیت والا جذبہ پیدا کریں۔ اپنے دل سے یزیدیت نکال دیں۔ جس دن آپ نے یزیدیت نکالی تو جس طرح سے کہا جارہا ہے کہ آنے والے الیکشن میں آپ وزیراعظم ہوں گے، تب ہی وزیراعظم بن سکتے ہیں جو آپ کی خواہش ہے۔ اگر یزیدیت والا رکھا تو آپ سوچیں، زندگی بھر وزیراعظم نہیں ہو سکتے۔

میڈم ! میں آپ کو ایک اور بات بتانا چاہتا ہوں۔ رمشا کالونی جو کہ مسیحی کالونی ہے، وہاں پر اس سے پہلے بھی، 2012 میں ایک سازش ہوئی تھی کہ وہاں سے مسیحیوں کو نکالنے کے لیے ایک بلڈنگ اور قبضہ مافیا نے توہین مذہب کا الزام لگا کر رمشا کالونی کو خالی کروانا چاہا مگر ہمارے علما حضرات اور یہاں پر موجود سیکولر طبقے نے اس چیز کا پتا چلا لیا جس کے نتیجے میں ان سے کالونی خالی نہیں کروائی گئی۔ اب محسن نقوی صاحب ان غریبوں سے کالونی خالی کروانا چاہ رہے ہیں۔ میڈم ! آپ Chair پر بیٹھی ہیں، مہربانی کرکے اس معاملے کا نوٹس لیں اور اسے کمیٹی کے حوالے کریں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر دنیش ! شکریہ۔ میں اس معاملے کو ICT کمیٹی کو، نئی کمیٹی بنی ہے، refer کرتی ہوں۔ جلدی کر لیجیے کیونکہ بہت سے مائیک on ہیں۔

## Point of public importance raised by Senator Faisal Javed regarding healthcare facilities being extended to PTI leader Imran Khan and his wife Bushra Bibi

سینیٹر فیصل جاوید: میں quickly بات کروں گا۔ چونکہ پہلی بار آپ سے اس طرح بات ہو رہی ہے، ماروی ملک کے لیے بھی ہم یہاں سے دعا کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں جگہ عطا فرمائے اور آپ کو، آپ کے پورے خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

ہم نے اس دن بھی منسٹر صاحب کے سامنے سوالات رکھے تھے تو بجائے اس کے کہ ان کے جوابات دیتے، انہوں نے مزید سوالات کھڑے کر دیے۔ بشریٰ بی بی اور عمران خان صاحب کے علاج کے حوالے سے میں ایک بار پھر یہاں سے آواز اٹھانا چاہتا ہوں اور سوال کرتا ہوں کہ انہیں کیوں نہیں proper علاج کے لیے ہسپتال shift کیا جاتا۔ ہمیں یاد ہے کہ عمران خان صاحب جب وزیر اعظم تھے، نواز شریف صاحب کی صحت کے حوالے سے جو concern تھا تو عمران خان صاحب نے نہ صرف یہ بیان دیا بلکہ practically کرکے بھی دکھایا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن میں نے اپنے تمام اداروں کو administrative معاملات کے حوالے سے یہ ہدایات جاری کی ہیں کہ healthcare کی تمام ترfacilities انہیں provide کی جائیں۔ نہ صرف ایسا کہا بلکہ کرکے دکھایا بھی اور ان کو پوری طرح سے ان کی مرضی کے ڈاکٹر، ڈاکٹر عدنان سے علاج کروانے کی اجازت دی۔ وہ throughout ان کے ساتھ تھے جبکہ یہاں عمران خان کے جو ذاتی ڈاکٹرز ہیں، ان تک ان کو رسائی کیوں حاصل نہیں ہے؟ ڈاکٹر عاصم اور ڈاکٹر فیصل یوسف کو۔

اسی طرح بشریٰ بی بی کے حوالے سے بھی مسائل ہیں۔آپ کس وقت علاج کے لیے لے کر جاتے ہیں، کسی فیملی ممبر کو کچھ پتا نہیں ہوتا۔ بعد میں خبر آ جاتی ہے کہ رات کو دو بجے یا تین بجے ہسپتال لے کر گئے، علاج ہوااور پھر واپس اڈیالہ جیل لے کر گئے۔نواز شریف صاحب کو صرف جیل کے اندر نہیں، شہر کے اندر نہیں، ملک کے اندر نہیں بلکہ ملک سے باہر بھی مرضی کاعلاج کروانے کی اجازت تھی۔ ادھر وہ علاج کروانے کے لیے گئے۔ساتھ میں ان کے ڈاکٹر عدنان بھی تھے۔ (T13پر جاری ہے)

T13-15May2026 Abdul Razique/Ed: Waqas Khan 12:40 p.m.

سینیٹر فیصل جاوید: (۔۔۔جاری) وہ ادھر علاج کروانے گئے اور ان کے ڈاکٹر، ڈاکٹر عدنان بھی ان کے ساتھ تھے۔ یہ ایک سوال ہے جس کا جواب ہمیں نہیں ملتا۔ ہمیں جواب ملتا ہے کہ جی یہ ہو رہا ہے تو وہ ہو رہا ہے۔ کسی کو کوئی access حاصل نہیں ہے۔ ڈھائی سال ہوگئے ہیں اور ہماری ملاقات نہیں ہو رہی۔ عمران خان کے جو وکلاء ہیں، ان کی ملاقات نہیں ہو رہی، ان کی بہنوں کی ملاقات نہیں ہو رہی بلکہ کسی کی بھی ملاقات نہیں ہو رہی۔ کوئیaccessنہیں ہے تو یہ بنیادی ایک سوال ہے جس کا جواب دے دیں۔اس حوالے سے پیش رفت کی جائے اورpracticallyکوئی spaceدی جائے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔جی یہ آپ کا بالکل جواب دیں گے۔ میں آپ لوگوں کو quickly orderبتادوں کہ کون، کون بات کرے گا۔ پہلے سینیٹر مشال اعظم اور اس کے بعد سینیٹر کامران مرتضیٰ پھر سینیٹر ذیشان خانزادہ اور پھر سینیٹر فلک ناز ہیں۔سب کے دو، دو منٹ کی تقاریر کے بعد منسٹر صاحب آپ جواب دے دیجیے گا۔جی قائد حزب اختلاف۔

## Point of Public Importance raised by Senator Raja Nasir Abbas regarding ensuing forceful demolishing of an Imam Bargah and localities in Islamabad by CDA

سینیٹر راجا ناصر عباس: میڈم، سینیٹر دنیش کمار کو سی ڈی اے کے حوالے سے جس کمیٹی میں جانے کو کہا گیا ہے، میں بھی اس میں جانا چاہتا ہوں۔ ہماری مسجد تقریباً کئی سو سال پرانی ہے اور ہم چھ یا سات سو سال سے شکریال میں رہتے ہیں۔ جب اسلام آباد میں زمینacquire ہوئی تو اس میں ہمارا گھر بھی آیا۔ ہم تو وہاں گاؤں میں رہنا چاہتے تھے لہٰذا ہم نے اسلام آباد میں بھی کوئی پلاٹ نہیں لیا حالانکہ سڑک ہمارے گھر کے بیچ سے گزری۔ مسجد وقف جگہ پر ہے اور امام بارگاہ بھی۔ مسجد کئی سو سال پرانی ہے اور امام بارگاہ کو بھی تقریباً سو سال سے اوپر ہو گئے ہیں۔ سی ڈی اے نے ابھی جو تازہ نشان لگائے ہیں، وہ اس جگہ سے باہر ہیں لیکن ہر روز ایک AC صاحب وہاں آکر لوگوں کو harass کرتے ہیں کہ یہ ہم نے گرانی ہے اور اسے گرا کر ہم آپ کو علی پور فراش میں جگہ دیں گے جو

15 کلومیٹر دور ہے۔ صدیوں سے ہم وہاں رہ رہے ہیں اور وہاں نماز جمعہ بھی ہوتا ہے۔ AC کسی کی بات بھی سنتا۔ وہاں پر جمعے کے بعد بھی لوگ احتجاج کریں گے۔ لوگ وہاں کھڑے ہیں۔ میں اس معاملے پر کوئی شور شرابہ نہیں کرتا لیکن رانا صاحب مجھے یہ لگتا ہے کہ اگر وہ وہاں خدانخواستہ کوئی غلط کام کریں گے تو پہلے ہمیں ماردیں گے کیونکہ ہمیں مارے بغیر وہ اسے گرا نہیں سکیں گے۔ سی ڈی اے کا نوٹس ہے اور نہ ہی کسی اور کا بس آکر گرا رہے ہیں اور کسی کی سنتے ہی نہیں ہیں۔ ایک AC جو ایسے لگتا ہے کہ وہ تو پرائم منسٹر سے بھی اوپر ہے اور بات نہیں سنتا ہے، threat کرتا ہے۔ سب شریف لوگوں کو ہر دوسرے دن تھانے میں بلاتا ہے۔ لہٰذا ان چیزوں کو کنٹرول کریں۔ خدا کے لیے پہلے بہت پریشانیاں ہیں اور اسے کوئی مسئلہ نہ بنائیں۔ محرم بھی آرہا ہے۔ میں نے طلال چوہدری صاحب سے بھی بات کی۔ انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ اسے ہم دیکھیں گے لیکن وہ AC باز نہیں آرہا۔ میں نے طارق فضل چوہدری صاحب سے بھی بات کی۔ وہ تو ہمارے ہمسائے ہیں، ہم ایک ہی علاقے میں رہتے ہیں اور صدیوں سے اکٹھے ہیں۔ ہمارے لیے illegal بہت مسائل ہیں لہٰذا جس کمیٹی میں سینیٹر دنیش کمار جارہے ہیں، میں بھی اسی میں جانا چاہتا ہوں، شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے۔ آپ بھی بے شک اس کمیٹی میں شامل ہو جائیں۔ جی سینیٹر خلیل طاہر۔

سینیٹر خلیل طاہر: میڈم، میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ براہ مہربانی مجھے بھی اس کمیٹی میں جانے دیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سیکرٹری صاحب، ان دو ممبران کو بھی ICT کے اس مسئلے پر کمیٹی میں جانے کے لیے شامل کردیں۔ جی سینیٹر مشال اعظم۔

**Point of public importance raised by Senator Mashal Azam apropos deteriorating law and order situation in Khyber Pakhtunkhwa**

سینیٹر مشال اعظم: شکریہ، چیئرپرسن صاحبہ! میں ایوان کی توجہ خیبر پختونخوا کی موجودہ صورتحال کی طرف لانا چاہتی ہوں۔ خیبر پختونخوا میں اس وقت امن و امان کی جو صورتحال ہے، مجھے انتہائی دکھ سے یہ کہنا پڑرہا ہے کہ ہمیں شاید یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ خیبر پختونخوا پاکستان کا حصہ ہی نہیں ہے کیونکہ جب بلوچستان میں حملہ ہوا تو ہم بلوچستان کے ساتھ کھڑے ہوئے اور یہاں دو دن discussion ہوئی۔ جب کراچی میں گل پلازہ میں آگ لگی تو یہاں دو دن discussion ہوئی اور ہم کراچی کے ساتھ کھڑے ہوئے۔ جب اسلام آباد میں دو خودکش حملے ہوئے، یہاں پر دو دن discussion ہوئی اور ہم اسلام آباد کے ساتھ کھڑے رہے لیکن خیبر پختونخوا میں اس وقت آگ اور خون کی ہولی کھیلی جا رہی ہے، خیبر پختونخوا میں اس وقت تک تین بڑے حملے ہو چکے ہیں، بنوں میں خودکش حملہ ہوا جس میں ہمارے 16 سے زیادہ پولیس اہلکار شہید اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے اور ہم نے زبردستی

یہاں دعا کرائی اوران پر کوئی بھی discussion نہیں ہوئی۔ لکی مروت میں اتنا ہولناک حملہ ہوا جس میں ہمارے نو لوگ شہید اور 41 سے زیادہ زخمی ہوئے لیکن یہاں کوئی discussion نہیں ہوئی۔ باجوڑ میں کل رات جو ہوا، ابھی تک ہمیں confirm نہیں ہے کہ کتنے لوگ شہید اور کتنے زخمی ہیں اور یہاں پھر بھی دعا نہیں کرائی گئی۔

خیبر پختونخوا میں 40 سے زیادہ drone attacks ہوئے ہیں جن میں collateral damage کی مد میں کئی لوگ شہید اور زخمی ہو رہے ہیں، عورتیں بے پردہ ہو رہی ہیں اور بچے شہید ہو رہے ہیں لیکن یہاں نہ کوئی دعا ہوئی اور نہ ہی کوئی discussion. آپ کہہ سکتے ہیں کہ کسی نے فرصت نہیں سمجھی کہ ہم ایک مرتبہ بات ہی کرلیں کہ وہ اس ملک کے شہری ہیں اور اس ملک کے شہریوں کے ساتھ یہ ہورہا ہے۔ خیبر پختونخوا نے ملک کے امن کے لیے کئی دہائیوں سے قیمت چکائی ہے اوراب بھی چکا رہا ہے۔ خدارا خیبر پختونخوا کو بھی اس ملک کی ایک اکائی سمجھیں اوراس کے درداور دکھ میں شامل ہوں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ وہاں عمران خان کی حکومت ہے، وہاں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت ہے تو آپ اسے کوئی توجہ ہی نہیں دیں گے لیکن وہ اس ملک کا حصہ ہے، اس کے ساتھ یہ ہو رہا ہے، وہ امن کی قیمت چکا رہا ہے اور ملک کے لیے بھی امن کی قیمت چکا رہا ہے۔ میری آپ سے گزارش ہے کہ جس طرح ہم بلوچستان کے لیے بات کرتے ہیں، کراچی کے لیے بات کرتے ہیں، اسلام آباد کے لیے بات کرتے ہیں تو اسی طرح ایک دن مختص کرکے ایوان میں خیبر پختونخوا پر بات کی جائے کیونکہ خیبر پختونخوا اس وقت بہت تکلیف میں ہے اور وہاں کے لوگ بہت درد میں ہیں، بہت شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر:۔ شکریہ۔ جی سینیٹر کامران مرتضٰی۔

## Point of Order raised by Senator Kamran Murtaza regarding various hindrances caused by three-day holidays in a week

سینیٹر کامران مرتضٰی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آپ کی اور ایوان کی توجہ ایک بڑے اہم مسئلے کی طرف جو کہ اب مسئلہ بنتا جا رہا ہے، اس طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں۔ 28 فروری کے بعد ایران والی لڑائی کے بعد سے جو حالات پیدا ہوئے ہیں اور ہم نے پاکستان میں جو تین دن کی چھٹیاں کردی ہیں، ایران میں کوئی چھٹی نہیں، شاید اسی طرح عرب دنیا میں چھٹیاں نہیں، امریکہ جو اس لڑائی میں involved ہے، وہاں پر کوئی چھٹیاں نہیں اور اگر میں غلط نہ ہوں تو اسرائیل میں بھی کوئی چھٹیاں نہیں ہیں۔ ہم اللہ کے فضل سے تین دن چھٹیاں کرتے ہیں، چوتھے دن ویسے ہی کام پر جانے کو ہمارا دل نہیں کرتا، پانچویں دن خدانخواستہ کوئی بیماری آجاتی ہے اور چھٹے دن کسی اور کو بیماری آجاتی ہے تو تقریباً پاکستان پورا ہفتہ چھٹیوں کے mode پر چل رہا ہے۔ معیشت کی حالت پہلے ہی خراب

ہے۔ چلیں معیشت کے علاوہ جو باقی معاملات ہیں، ہم نے عدالتوں میں بھی تین، تین دن چھٹیاں کردی ہیں یعنی آج جمعے کے دن اگر کوئی case file کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا۔فرض کر لیجئے کہ اگر میرے اور آپ کے درمیان کوئی property dispute ہے اور میں جمعرات کی شام قانون کو ہاتھ میں لے کر اور انتظامیہ سے مل ملا کر کوئی ایسی حرکت کرلوں جو خلاف قانون ہے تو اگلے تین دن یعنی جمعہ، ہفتہ اور اتوار تک میں بہت آسانی سے اس پر اپنا قبضہ establish کر پاؤں گا۔ میری تجویز یہ ہے کہ ماشاءاللہ یہ تین دن تو چھٹیاں ہیں تو باقی چار دن بھی چھٹیاں کر دیں کیونکہ کام تو ہم نے ویسے بھی نہیں کرنا، معیشت ہماری ویسے ٹھیک نہیں ہونی اور امن امان ہمارا ویسے بھی ٹھیک نہیں ہونا۔

ابھی میری بہن خیبر پختونخوا کا رونا رو رہی تھی اور ساتھ ہمیں بھی رگڑ رہی تھی کہ یہاں بلوچستان پر بات ہوتی ہے۔ یقیناً بلوچستان پر بات ہوتی ہے۔ کوئٹہ سے چند کلومیٹر دور جہاں سینیٹر منظور کاکڑ اور یاسین زئیوں کا علاقہ ہے، اس سے چند کلومیٹر آگے اس وقت باقاعدہ فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان لڑائی جاری ہے جس میں تقریباً 35 یا 40 لوگوں کے مرنے کی اطلاعات ہیں۔ خدا کے واسطے پاکستان میں ہم نے کوئی کام کرنا ہے یا نہیں یا صرف چھٹیاں کرنی ہیں۔ اگر چھٹیاں کرنی ہیں تو پھر ہاؤس متفقہ طور پر یہ قرارداد لائے کہ باقی چار دن بھی ہمیں چھٹی کرنی چاہیے، سات کے سات دن ہفتے میں چھٹیاں ہونی چاہیے اور کوئی کام نہیں ہونا چاہیے۔ ہمیں مزے سے گھروں میں سونا چاہیے اور کوئی ایسا طریقہ ہونا چاہیے جس سے کوئی من و سلوی ہمارے گھروں میں آجائے اور ہم اس پر زندگی گزار سکیں، شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر ذیشان خانزادہ۔

## Point of public importance raised by Senator Zeeshan Khan Zada regarding petrol prices and the austerity measures taken by the Government

سینیٹر ذیشان خانزادہ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بہت شکریہ، چیئرپرسن صاحبہ! جس طرح آج باقی دوستوں نے بھی بات کی، یہی issues چل رہے ہیں۔ پیٹرول بم تو عوام پر گرا دیا گیا اور حکومت نے پٹرول ٹیکس یا پٹرول لیوی کی مد میں 150 ارب وصول کرنے ہیں اور austerity measures کے بڑے، بڑے اعلانات کرکے ابھی تک ہمیں پتا نہیں چلا کہ حکومت نے اس سے حاصل کیا کیا ہے۔ جس طرح باقی دوستوں نے بات کی، یہ بازار اور business بند کرکے عوام کو اور بھی نقصان دے رہے ہیں۔ مجھے پتا چلا ہے کہ ان austerity measures سے حکومت نے شاید چار یا پانچ ارب روپے کی کوئی saving کی ہے۔ کہاں 150 ارب روپے اور دوسری طرف اتنا بڑا نقصان۔۔۔۔ (جاری T14)

سینیٹر ذیشان خانزادہ: (جاری---مجھے پتہ چلا ہے کہ اس austerity measures سے تقریباً چار، پانچ ارب روپے کی شاید حکومت نے کوئی savings کی ہے، تو کہاں 150 ارب روپیہ، اور دوسری طرف اتنا بڑا نقصان، جناب چیئرپرسن، لوگوں کو تکلیف بہت زیادہ ہے۔ ہمارا حکومت کا مقصد یہ ہونا چاہیے کہ آپ لوگوں کا بزنس بڑھائیں، magnitude بڑھائیں، آپ لوگوں کے بزنسز کے volume بڑھائیں، آپ ٹیکس ریٹ کم کریں، آپ لیویز کم کریں۔ جب volume بڑھے گا، آپ کے پاس زیادہ ریونیو آئے گا، لیکن اس طرح سے تو جو already آپ کے پاس ریونیو آ رہا ہے، ابھی آپ کو short term میں تو آ جائے گا، لیکن کل کو پھر آپ کو بہت زیادہ مشکلات ہوں گی۔

اور ہمیں کہا جا رہا ہے، میں آپ کو یقین دلاؤں، ایسے لوگ ہمیں کہتے ہیں کہ جی یہ پیٹرول بم جو گرایا گیا ہے، آپ اس پہ کیا کر رہے ہیں؟ اب ہمیں تو paralyze کیا گیا ہے، خان صاحب کو جیل میں ڈال کر، ملاقاتیں بند کر کے، ان کی صحت کا معاملہ اٹھا کر PTI کو paralyze کیا گیا ہے، کے پی کے گورنمنٹ کو paralyze کیا گیا ہے، جو کہ بالکل یہ ایک ہماری کمزوری ہے PTI کی کہ خان صاحب کے بغیر PTI یا خیبر پختون خواہ کی حکومت سے کوئی فیصلہ نہیں ہوتا۔ یہ ہماری کمزوری ہے، ہم موروثی سیاست نہیں کرتے، تو کیا کریں؟ عوام ہم سے expectation رکھتی ہے، ہم opposition کرنا چاہتے ہیں، ہم روڈوں پہ نکلنا چاہتے ہیں، لیکن اگر ہم نکلیں گے، یا کوئی بھی بات کریں گے، تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ یہ دہشت گرد ہیں، ان کو پکڑو اور جیلوں میں ڈالو۔ جناب چیئرمین، میں زیادہ تقریر نہیں کرنا چاہتا، لیکن آج کل یہ ایک مسئلہ چل رہا ہے، تو عوام کو ریلیف دینے کے لیے---

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ wind up کریں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: عوام کو ریلیف دینے کے لیے بھی بات کی ہے، کم از کم یہ جو ہمارا مسئلہ ہے، اگر آپ چاہتے ہیں کہ ہم سے ہی opposition کا کردار ادا کروایا جائے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر روبینہ ناز، جلدی سے wind up کر دیں۔

Senator Falak Naz: Honourable Chairman, thank you so much, I am so much thankful

کہ after such a long time آپ نے مجھے موقع دیا ہے despite several times i requested، لیکن اس کے باوجود موقع نہیں ملا تھا۔

میں ذیشان خانزادہ صاحب کی بات کو آگے بڑھاؤں گی، خان صاحب کے حوالے سے۔ خان صاحب کے بارے میں جب بھی ہم لوگ بات کرتے ہیں، اس obvious issue پر، ظاہر ہے ہماری پارٹی کے لیڈر ہیں، اور ایک بڑی political پارٹی کے لیڈر ہیں، پاکستان کی سب سے بڑی political پارٹی کے وہ popular لیڈر ہیں، لیکن یہاں سے کچھ corners سے آواز آنا شروع ہو جاتی ہے کہ ان کے پاس تو کوئی دوسرا topic ہی نہیں ہے، عمران خان، عمران خان۔

کیوں نہ نام لیں؟ ہم لوگ عمران خان کا نام تب نہ لیتے اگر ہمارا لیڈر NRO کرکے، چھپ چھپا کے ملک سے چلا جاتا۔ ہم بالکل عمران خان کا نام نہ لیتے اگر کوئی دشمن ملک کا national security advisor ان کو اپنا قومی asset قرار دیتا، ان کو اپنی investment قرار دیتا، تو ہم لوگ کبھی بھی عمران خان کا نام لینا پسند نہ کرتے۔

اور اگر وہ national اداروں کو national security کے اداروں کے خلاف جا کر بیانات دے دیتے، اگر وہ اجمل قصاب کا پتہ بتا دیتے ہیں، اگر وہ قومی اداروں کو ارزاں قیمت پر بیچ دیتے ہیں، اور سب سے گھٹیا بات، اگر وہ لوگوں کی فحش ویڈیوز بنا کر ان کو اپنے agenda پورا کرنے کے لیے مجبور کرتے ہیں، تو یقین کریں، میں حلفیہ کہتی ہوں کہ ہم لوگ کبھی بھی عمران خان کا نام نہ لیتے۔ اور کیا ہیں ہماری demands ؟ یہ کوئی favours ہم لوگ نہیں مانگ رہے، یہ ہمارا حق ہے۔ عمران خان کا حق ہے کہ ان کو الشفاء hospital میں لایا جائے، ان کی فیملی کی موجودگی میں، اور ان کا علاج ان کی مرضی کے doctor سے کرایا جائے۔ کیا ہے اس میں؟ very simple demand very short, نہ تو وہ ملک سے بھاگنے کا کہہ رہے ہیں، نہ ہی کوئی باہر ان کی platelets ادھر ادھر دائیں بائیں گر رہی ہیں، نہ ہی ہم لوگ ان کی platelets کو justify کر رہے ہیں۔ یہ بالکل genuine demands ہیں ہماری۔

ہماری پارٹی کے اہم political لیڈر اس چیز پر بات کر چکے ہیں۔ اچھا جی، تیسری جو بات ہے، جو میں کافی time سے کرنا چاہ رہی تھی، honourable چیئرپرسن صاحبہ، وہ یہ ہے کہ ہم لوگ خان صاحب کے لیے یہ ، right as a favour نہیں مانگ رہے، احسان نہیں ہوگا اگر ان کو یہ right provide کیا جائے۔ یہ ان کا حق ہے، یہ ان کا being a citizen of Pakistan حق ہے، اور یہ ان کا بنیادی حق ہے، being an ex-PM and also being a prisoner۔ کوئی اس میں out of the way بات، کوئی favour out of view ہم لوگ نہیں مانگ رہے۔ تو میری request ہے، human rights کے حوالے سے، آپ کا ایک نام ہے پورے ملک میں، اور international level پر بھی ایک known personality ہیں، اور ہم آپ سے request کرتے ہیں، آپ پر ہمارا اعتماد ہے کہ اگر کمیٹی بن جائے، تو آپ اس کو lead کریں، اور خان صاحب کے حوالے سے جو بھی ہمیں معلومات required ہیں، ہمیں فراہم کی جائیں۔

madam, you can play a very important role in this situation.

Madam Presiding Officer: Please sit down. Certainly, I am not leading any committee like this, since it is a regular thing. I hear you, and i hear your complaint and appeal, and i do want the government to give a response that may perhaps bring you some satisfaction. And last speaker, very quickly please, Senator Falak Naz.

جناب رانا صاحب، بس آپ اس کے بعد ایک اجتماعی جواب دے دیں۔

**Senator Falak Naz**

سینیٹر فلک ناز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ محترم چیئرپرسن صاحبہ، سب سے پہلے میں اپنے پختون خواہ کی بات کروں گی۔ پچھلے دو ہفتے جس طرح دہشتگردی کے زد میں ہے، ہمارے جو علماء کرام کو چن چن کر شہید کیا جا رہا ہے، پولیس کے جوان اور فوج کے جوانوں کو شہید کیا جا رہا ہے، اور جس طرح خیبر پختون خواہ کے لوگ حالات جنگ میں ہیں، وہ سب آپ لوگوں کے سامنے ہے۔

اس کے لیے ہمارا لیڈر، امت مسلمہ کا لیڈر، عمران خان نے کہا تھا کہ مذاکرات سے سب مسائل کا حل ہو سکتا ہے، لیکن اس چیز کو یہ hybridحکومت جس طریقے سے لے رہی تھی، وہ سب آپ لوگوں کے سامنے ہے۔ ٹھیک ہے، پاکستان کی جو خارجی پالیسی ہے، اس میں کامیابی ہوئی ہے۔ یہ پالیسی کس وجہ سے کامیاب ہوئی ہے، وہ ہمیں بھی پتہ ہے، وہ مسلح افواج کی وجہ سے یہ کامیابی ہوئی ہے۔ ہمارے وقار میں اضافہ ہوا ہے، مسلح افواج ہماری طاقت ہے، ہماری قوت ہے، لیکن میں اس hybrid حکومت سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ انہوں نے کیا کامیابی حاصل کی؟ پچھلے چار سال سے، 33 سال سے یہ لوگ حکومت میں ہیں، براجماں ہیں۔ یہ 8 فروری کو جو ووٹ ملے تھے، لوگوں نے پل بنانے کے لیے، ہسپتال بنانے کے لیے، روڈ بنانے کے لیے ہمیں ووٹ نہیں دیے تھے، انہوں نے خان صاحب کو رہا کرنے کے لیے ووٹ دیے تھے۔ ہم بھی اسی وجہ سے یہاں opposition میں بیٹھے ہیں، خان صاحب کی وجہ سے بیٹھے ہوئے ہیں، اور یہ لوگ جو بارہ جماعتیں، 17 سیٹوں سے، بلکہ ہمارے۔۔۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آپ بات دہرا رہی ہیں۔

سینیٹر فلک ناز: یہ جو حکومت ہے، ابھی جو ہمارے اوپر مسلط ہے، یہ کس وجہ سے ہے؟ یہ بھی خان صاحب کے ووٹوں کی وجہ سے بیٹھے ہوئے ہیں۔ اور یہ لوگ جو اپنے آپ کو جمہوریت کا علمبردار کہتے ہیں، میں ان کو یہ بتانا چاہتی ہوں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، آبڑو صاحب۔

سینیٹر فلک ناز: آدھا منٹ دیں دے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: آدھا منٹ نہیں، دس سیکنڈ، جلدی سے بولیں، چلیں complete کر دیں۔

سینیٹر فلک ناز: دیکھیں، یہ حکومت پچھلے تین سال سے power میں ہے، ٹھیک ہے، ان کا اور کوئی کام نہیں۔ مہنگائی ہے، اور مہنگائی کی وجہ سے غریب دو وقت کی روٹی نہیں کھا سکتا۔ پٹرول بم گرانے سے بہتر ہے کہ یہatom bomb ، ویسے بھی ہم ایٹمی قوت ہیں، ہمارے اوپر گرائیں ٹھیک ہے؟

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: اللہ نہ کرے بی بی، قوم پر ایٹم بم گرانے کے بد دعا تو نا کریں۔

سینیٹر فلک ناز: ہمارے اوپر گرائیں، مہنگائی کی حالت دیکھیں۔ اور دوسری بات جو ہے، یہ جو ہمارے — بالکل میرا لیڈر ہے، یہ 25 کروڑ عوام کا لیڈر نہیں ہے، وہ امت مسلمہ کا لیڈر ہے۔ وہ تو جیل میں ہے، جس طرح ناحق جیل میں رکھا گیا ہے، اور اس کی اہلیہ — اس کی بیوی کو خان کو توڑنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر آبڑو صاحب۔

سینیٹر سیف اللہ آبڑو: پہلے آپ نے کہا، میں نے کہا کہ بعد میں بات کروں۔

سینیٹر فلک ناز: میڈم صاحبہ، بڑی زیادتی کی آپ نے میرے ساتھ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، آپ کو سب سے زیادہ ہمیں time ملا ہے۔ سب کو تین منٹ ملے ہیں۔ ان کو بھی موقع دیں بولنے کا۔ جی سینیٹر آبڑو صاحب، آپ نے بات نہیں کرنی؟ سینیٹر فلک ناز، please، آپ کو اس طرح زیب نہیں دیتا۔ (جاری)

T15-15May2026 Taj/Ed. Waqas Khan 01:00 p.m.

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: (جاری) سینیٹر فلک ناز، پلیز، اس طرح کرنا آپ کو زیب نہیں دیتا۔ آپ نے بات کر لی، وہ نہیں بول پائیں گے، جمعے کا دن ہے، wind up نہیں کر پائیں گے۔ جی جلدی سے بتائیں۔

**Senator Saifullah Abro**

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: میڈم! اصل میں موضوع ایسا نکلا ہے تو میں نے کہا کہ ثناء اللہ صاحب بات کریں گے، اس سے پہلے میں دو منٹ بات کر لوں۔ رانا صاحب! سب دوستوں کا مہر آپ کے پاس ہے کہ آپ چاہیں کہ خان صاحب کی ملاقاتوں کے لیے کچھ کریں حالانکہ آپ کو یاد ہوگا کہ پی ٹی آئی کی حکومت میں بڑے سے بڑا تحفہ آپ کو ہی دیا گیا تھا۔ آپ بڑے خوش نصیب ہیں، کل میں ٹی وی پر دیکھ رہا تھا کہ جب انمول کو کین پکڑی گئی تو وہ کہہ رہے ہیں کہ 2020 سے یہ اس کا کام تھا۔ اگر ہماری حکومت کو پتا لگ جاتا تو آپ کو اس سے بھی connect کر دیتے لیکن آپ خوش نصیب ہیں کہ بچ گئے۔ وہ کل پکڑی گئی ہے۔ آپ ہمیشہ ایک بات کرتے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ آپ کو بہت target کیا گیا تھا جس کی جتنی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ سیاسی لوگوں کو ایسے نہیں ہونا چاہیے۔ ابھی بھی خان صاحب کے حوالے سے جو امیدیں ہیں، آپ کی ماشاءاللہ statements آ رہی ہیں کہ reconciliation ہونی چاہیے۔ دیکھیں خان صاحب نے بہت بڑا قدم اٹھا لیا ہے نا۔ آپ نے دیکھا کہ خان صاحب نے محمود خان اچکزئی کو قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر بنایا ہے۔ اس سے زیادہ بڑا

کوئی کام خان صاحب نہیں کر سکتا کیونکہ محمود خان اچکزئی صاحب وہ شخص ہیں جس نے نئے پاکستان کی حکومت کو ہٹانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ پی ڈی ایم کا main leader محمود خان اچکزئی تھا۔ اس سے زیادہ خان صاحب کیا کر سکتا ہے۔ ابھی محمود خان اچکزئی صاحب سے جب پوچھا جاتا ہے کہ خان کی آزادی کے لیے احتجاج کب کریں گے تو وہ کہتا ہے کہ جب خان صاحب سے ملاقات ہو گی تو خان صاحب کہے گا۔ خان سے ملاقات ہوتی نہیں۔ تو خان سے ملاقات ہو گی نہیں، محمود خان کو پتا لگے گا نہیں۔ جب وزیر اعلیٰ پختونخوا کو کہتے کہ آپ، وہ کہتے ہیں نہیں، وہ محمود خان اچکزئی کہے گا، راجہ ناصر عباس صاحب کہیں گے۔ راجہ صاحب نے بھی کمال کر دیا، اس نے بھی آپ کو بہت آسانی دے دی ہے۔ اس نے پچھلی میٹنگ میں کہا کہ آپ ایک کمیٹی بنائیں، آج بھی انہوں نے کہا ہے کہ جو بھی جائے، صرف وہاں سے الشفا ہسپتال میں اسے منتقل کر دیں۔ اس پر میں ایک مثال آپ کو دینا چاہتا ہوں، آپ کے لیے بہت آسانی ہو گی کہ پی ٹی آئی خان کی آزادی سے آج تک کہاں پہنچی ہے۔ وہ ایک چھوٹی سی مثال ہے، میری بہنیں بیٹھی ہیں، میں وہ دینا چاہتا ہوں، ایک آدمی نے کسی خاتون کو propose کیا کہ مجھ سے شادی کرو۔ اس نے بڑی کوشش کی لیکن جب اس نے انکار کیا تو اس نے کہا کہ چلیں شادی نہیں کر رہی ہیں تو ایک kiss ہی مجھے دے دو۔ دیکھیں خان صاحب کی آزادی سے الشفاتک ہم پہنچ گئے نا۔ براہ مہربانی آپ اسے الشفاتک پہنچا دیں، اس کے بعد پی ٹی آئی سے آپ کو کوئی خوف نہیں ہے۔ راجہ صاحب نے تو اس ایوان میں آپ کو یہ کہا ہے کہ میں آپ کو لکھ کر دیتا ہوں کہ آپ کی حکومت کو کچھ نہیں ہو گا تو میرے خیال میں ثناء اللہ صاحب! آپ کو اس سے زیادہ اچھا موقع نہیں ملے گا، آج خان صاحب کو وہاں پر shift کر دیں، آپ کی حکومت بھی تین سال چلے گی، کسی کو مشکل بھی نہیں ہو گی اور یہاں پر یہ ہمارے بھائی سینیٹر ناصر بار بار اٹھتا ہے، اس کو بھی تکلیف نہیں ہو گی۔ ساری مشکلیں آسان ہو جائیں گی اور پاکستان کے مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔ آج ہی آپ یہ قدم جلدی اٹھالیں تو میرے خیال میں پاکستان میں آپ مسلم لیگ (ن) سے زیادہ پی ٹی آئی میں مقبول ہو جائیں گے۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی رانا صاحب۔

Madam Presiding Officer: No, please, I am sorry. No, next time, on Monday.

رانا صاحب! آپ ان کو 10 seconds دینا چاہتے ہیں؟

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: جی جی کر لیں۔

**Senator Khurram Zeeshan**

سینیٹر خرم ذیشان: میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں، میں وہ right reserve رکھتے ہوئے، میں نے ابھی تک اس ایوان میں اپنی پہلی speech نہیں کی اور ایوان کا ماحول خراب کیے بغیر، جیسے علامہ صاحب نے ایک گزارش کی ہے میں اس کو endorse کرنا چاہتا ہوں اور میں چاہتا ہوں کہ ,being Upper House of the Parliament ہم اسے supreme ادارہ کہتے ہیں، سینیٹ کو اس معاملے میں ضرور intervene کرنا چاہیے۔ میں ان کی کمیٹی والی رائے کو endorse کرنا چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ اس پر عمل ہو۔ شکریہ۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: جی رانا صاحب۔ سارے ممبران بھی نماز کے لیے چلے گئے تو آپ بھی ذرا رحم فرمائیں۔

**Senator Rana Sana Ullah Khan, Adviser on Political Affairs**

سینیٹر رانا ثناءاللہ خان (مشیر برائے سیاسی امور): شکریہ، میڈم چیئرپرسن! ویسے توسیف اللہ ابڑو صاحب نے بعد میں جو بات کی ہے تو انہوں نے کافی بہتر analysis کر دیا ہے لیکن ان کی خدمت میں میری گزارش ہے کہ اس قسم کے analysis اور formulas پر عمل سر عام بات کرکے نہیں کیا جاتا۔ یہ بات آپ ان کو سمجھائیں۔ میں نے بھی اپنے طور پر کوشش کی ہے، اگر یہ بات ہمارے ان دوستوں کی سمجھ میں آ جائے تو معاملات بہتری کی طرف جا سکتے ہیں۔ معزز سینیٹر صاحبان نے مختلف issues پر اپنا اظہار خیال کیا ہے۔ یقیناً میں سمجھتا ہوں کہ بنیادی طور پر یہ ایوان اسی مقصد کے لیے ہے کہ معزز سینیٹرز تمام issues پر بات کریں اور ان کی بات سے Executive authorities اور حکومت کو رہنمائی ملے۔ چونکہ وقت کی قلّت ہے، میں تمام issues پر تو بات نہیں کر سکوں گا لیکن آج لیڈر آف دی اپوزیشن، اعظم سواتی صاحب اور سینیٹر فیصل صاحب نے جو بات کی ہے میں اس پر مختصراً عرض کرنا چاہوں گا۔ دیکھیں ٹھیک ہے انہوں نے مختلف باتیں کی ہیں اور اس کے بعد بات کو آ کر conclude یہاں پر کیا ہے کہ خان صاحب کی ملاقات اور ان کی صحت۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں، سیاسی کارکنوں پر کوئی ظلم، زیادتی کو condemn کیا اور کہا کہ یہ نہیں ہونا چاہیے۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کسی بھی سیاسی جماعت کو اپنے سیاسی رویوں سے ہٹ کر کوئی عمل اختیار نہیں کرنا چاہیے اور اگر کوئی سیاسی جماعت ایسا عمل اختیار کرتی ہے تو اس کی مثال پاکستان کے پچھلے 78-70 سالوں میں بھی موجود ہے اور دنیا میں موجود ہے۔ تو اس کے پھر consequences بڑے مختلف ہوتے ہیں۔ ایک ہی action ہوتا ہے، وہ action اگر کامیاب ہو جائے تو وہ انقلاب کہلاتا ہے لیکن اگر وہ کامیاب نہ ہو تو وہ غداری اور mutiny کہلاتا ہے۔ اس کی سزا پھر بہت ہی بدتر ہوتی ہے۔ 9 مئی کو آپ بھلے کچھ بھی کہیں، اسے false flag کہیں، اس کی کسی اور طرح سے آپ تشریح کریں لیکن ایک ادارے نے، جس پر حملہ کیا گیا، اسے munity سے تعبیر کیا ہے۔ اس کے پھر consequences ہیں اور کوئی یہ نہیں

کہہ سکتا کہ اس کے پھر consequences نہیں ہوں گے۔جب ایک سیاسی جماعت بار بار، جب بھی موقع ملے، وہ ملک کے Capital کا گھیراؤ کرنے کا فیصلہ کرےاور باقاعدہ مسلح گھیراؤ کرنے کی طرف بڑھےاور اس کے اس مارچ یااس بڑھنے کے دوران انسانی جانوں کا نقصان ہو تو پھر یہ سیاسی روّیے اپنے طور پر نتائج مرتب کرتے ہیں۔ان نتائج کو اگر آپ نے اسی طرح سے face کرنا ہے کہ ان ہی چیزوں کو بار بار دہرانا ہے تو اس سے پھر complications بڑھتی ہیں اور پھر اس سے بہتری کا کوئی راستہ نہیں نکلتا۔

ملاقات، یہ آپ کے علم میں ہے کہ یہ معاملہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں گیا۔ آپ نے petitions دائر کیں اور جب ان petitions کی تعداد تقریباً دو درجن کے قریب ہو گئی تو اسلام آباد ہائی کورٹ میں ایک Larger Bench بنا۔اس بینچ میں ان تمام petitions کی سماعت ہوئی۔اس سماعت کے دوران آپ کی لیڈرشپ اور خاص طور میں آپ کے سیکرٹری جنرل راجہ سلمان اکرم صاحب کا میں حوالہ دوں گا۔ وہ بذات خود پیش ہوئے اور وہاں پر ایک معاملہ طے ہوا کہ ملاقات اس طرح سے ہو گی۔ایک ہفتے میں دو دن ملاقات ہو گی۔ اس طرح سے لسٹ مہیا کی جائے گی، چھ لوگ ہوں گے۔ایک دن وکلاء ملاقات کریں گے، دوسرے دن فیملی ملاقات کرے گی۔ وہاں پر باقاعدہ طور پر یہ بات اٹھائی گئی کہ ہر ملاقات کے بعد پھر وہاں پر پریس کانفرنس ہوتی ہے۔اس پریس کانفرنس میں ایک بیانیہ بنایا جاتا ہے۔ پھر اس بیانیے کو پورے ملک میں نہیں، پوری دنیا میں پھیلایا جاتا ہے، اس کو پھر اس انداز سے pursue کیا جاتا ہے، اداروں پر وہاں پر below the belt بات کی جاتی ہے۔

(جاری۔۔۔T16)

**T16-15May2026 Ali/Ed: Mubashir 01:10 pm**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: (جاری ہے۔۔۔۔) وہاں پر below the belt بات کی جاتی ہے۔ اداروں کے سربراہوں کو نشانہ بنایا جاتا ہے۔ وہاں پر راجہ سلمان اکرم صاحب نے باقاعدہ statement دی کہ ایسا نہیں ہوگا۔ ہم اس بات کی پابندی کریں گے اور وہاں پر بالکل ایسی کوئی بات نہیں ہو گی۔ اس کے بعد پھر ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ اس میں چیزیں آگے چلتی رہیں، لیکن اس بات کو اس حد تک violate کیا گیا کہ پوری دنیا میں اس قسم کے اشتہار بھی چھپوائے گئے، اس قسم کے بیانات بھی دیے گئے، اس قسم کا بیانیہ build کرنے کی کوشش کی گئی اور اس قسم کا propaganda بھی کیا گیا، جو anti-state تھا۔ میں اس کے evidence، جب آپ چاہیں گے، جب کہیں گے، آپ ایک دن رکھ لیں، میں آپ کو ایک ایک معاملے کی evidence provide کروں گا کہ کہاں سے message چلا، کہاں تک پہنچا اور کس طرح امریکہ کے اخبارات میں ایک ادارے کے سربراہ کے خلاف اشتہار چھپوائے گئے، وہاں کس طرح lobbying کی گئی۔ یہ ساری چیزیں، جب آپ چاہیں، جہاں چاہیں۔۔۔ اگر آپ نے ان چیزوں کو contradict کرنا ہے، تو پھر اس کا کوئی علاج نہیں۔

میڈم پریذائیڈنگ آفیسر: ,Madam Senator سننے کا حوصلہ رکھیں۔ حکومتی بینچز نے آپ کی ہر بات تحمل سے سنی، آپ کا یہ conduct صحیح نہیں ہے، یہ غیر پارلیمانی رویہ ہے۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: بات کو مختصر کرتے ہوئے، جب قانون میں اس بات کی اجازت نہیں ہے، jail rules اس بات کو permit نہیں کرتے کہ آپ ان ملاقاتوں کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کریں۔ یہ باقاعدہ black and white میں موجود ہے۔ یہ صرف argument کی بات نہیں ہے۔ جب اس پر پابندی لگائی گئی، تو پانچ ہفتوں کے بعد عظمیٰ خان صاحبہ کی ملاقات کروائی گئی۔ اس ملاقات کے بعد پھر آپ نے جو کچھ کیا، وہی آپ سامنے رکھ لیں۔ وہ violation جس کی بنیاد پر ملاقات روکی گئیں تھی، آپ نے اسی violation کو کئی گنا بڑھا کر دہرایا، تو معاملہ یہ ہے۔

اس کے بعد آپ Supreme Court گئے۔ آپ نے Supreme Court میں کہا کہ وہاں living conditions بہت خراب ہیں۔ جو سہولتیں High Court کی وجہ سے خان صاحب کو ملی تھیں، وہ واپس لے لی گئیں ہیں، ان کو مسلسل jail cell میں بند رکھا جا رہا ہے۔ Supreme Court نے jail superintendent سے report طلب کی، وہ report Supreme Court میں پیش ہوئی۔ آپ کے وکلاء نے اعتراض کیا کہ یہ report غلط ہے اور خود سے لکھ کر دے دی ہے۔ Supreme Court نے آپ کے وکیل سلمان صفدر صاحب کو کہا کہ آپ friend of court ہیں، آپ خود جا کر دیکھیں کہ وہاں living conditions کیا ہیں۔ جو report انہوں نے پیش کی، اس report میں اور jail superintendent کی report میں کوئی فرق نہیں تھا، دونوں ایک جیسی تھیں۔

اس کے بعد Supreme Court نے ان کے علاج کے لیے باقاعدہ ایک طریقہ کار مختص کیا اور اس کے مطابق ان کا علاج کیا، جہاں تک ان کے علاج کا تعلق ہے یا بشریٰ بیگم صاحبہ کے علاج کا تعلق ہے، میں on the floor of the House پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں کہ ان کو جو بھی عارضہ لاحق ہے اللہ تعالیٰ انہیں صحت عطا فرمائے۔ ان دونوں کو جو بہترین علاج پاکستان میں ممکن ہے وہ مہیا کیا جا رہا ہے، اس میں کوئی دوسری رائے نہیں ہے۔ جن doctors کو آپ نے refer کیا تھا، ان کی پانچ doctors پر مشتمل team بنائی گئی اور اس team نے بھی اسی علاج کو endorse کیا جو PIMS سے ہوا تھا۔ لہٰذا علاج کے معاملے میں قطعی طور پر کوئی کوتاہی نہیں ہے، پاکستان میں جو بہترین علاج میسر ہے، وہ انہیں فراہم کیا جا رہا ہے۔ جہاں تک ملاقاتوں کا تعلق ہے، اگر آپ سمجھتے ہیں

کہ آپ نے rules کی violation نہیں کی اور آپ نے in accordance with law عمل کیا ہے، تو آپ High Court جائیں اور وہاں جا کر اس issue کو دوبارہ اٹھائیں۔ جہاں تک اس کمیٹی کا تعلق ہے، جو rules and business ہیں Parliament کے، Senate کے اور Assembly کے ان میں اگر کوئی گنجائش ہے کہ House اس طرح executive powers کو استعمال کر سکتا ہے تو بتا دیا جائے۔ میری sense کے مطابق Rules and Business اور جس framework کے تحت Parliament کام کرتی ہے، اس میں executive powers میں اس قسم کی مداخلت کے لیے ایسی کسی کمیٹی کی کوئی گنجائش موجود نہیں ہے۔

Madam Presiding Officer: The proceedings of the House stands adjourned to meet again on Monday, the 18th May, 2026, at 05:00 p.m.

--------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 18th May, 2026, at 05:00 p.m.]*

-------------------